جملہ حقوق محفوظ ہیں

روزگار ہی دولت کی کنجی ہے

روپیہ کمانے کی ٹکسال

عرف

ہر فن مولا

یا

خزانہ غریباں

پبلیشر

گرگ اینڈ کو بکسیلرز و پبلیشرز بازار کھاری باولی دہلی

تعداد ۱۰۰۰ بار دوم — سنہ ۱۹۳۶ء — قیمت فی جلد

(علیگڑھ پریس دہلی)

اوم

دیباچہ

ناظرین کی خدمت میں عرض ہے کہ مجھکو بہت دنوں سے اس بات کا بہت خیال تھا کہ اپنے بھائیوں کیلئے ایک ایسی کتاب تیار کی جاوے جسمیں بالکل ٹھیک ٹھیک ایسے ہنر لکھے جاویں جس سے کہ امیر اور غریب تھوڑی مالیت لگا کر اپنا گذارہ کر سکیں جس سے کہ ہندوستان کی کاریگری تمام دنیا میں مشہور ہو جاوے۔

افسوس کی بات ہے کہ ہمارے دیش میں یہ بہت ہی بڑی بات ہے کہ اگر کوئی کسی طرح کا ہنر جانتا ہے تو وہ اپنے کمینہ پن کے کارن اپنے ہی پاس چھپا کر رکھتا ہے اور اپنے مرنے تک کسی دوسرے کو نہیں بتاتا جس سے مرنے کے بعد بھی اسکا ہنر اسکے ساتھ مر جاتا ہے

اس کتاب میں جہاں تک ہو سکا ہے اشتہاری لوگوں کی طرح ادھر ادھر کی کتابوں کی نقل نویسی کر کے بہت محنت و جانفشانی کیساتھ یہ کتاب پبلک عام رہنمائی دستکاری کیلئے شائع کی ہوئی۔

خیال کرنیکی بات ہے کہ ولایتی مال دیش میں لاکھوں روپیہ کا بیچکر ولایتی تجار مالدار ہو جاویں اور یہاں کے تجار بھوکے مریں۔ اگر دیش کی چیزیں یہیں بننے لگیں تو لاکھوں روپیہ دیش کے باہر جانے سے بچ جائیں اور دیش اور یہاں کے رہنے والے بھوکوں مرنے سے بچ جاویں۔ یہاں کے بونجی پتی اگر اسطرف خیال کرنے لگیں اور کارخانہ کھولیں تو ہمارے بھائیوں کی بہت کچھ بیکاری دور ہو سکتی ہے۔ اس کتاب میں بہت آزمودہ نسخہ جات تحریر کئے گئے ہیں اگر پبلک نے اس کتاب کو پسند کیا میں اپنی محنت و جانفشانی کا پبلک سے ممنون و مشکور رہونگا۔

آخری التجا پرتی ہے کہ پبلک اپنی اولاد کو تھوڑی بہت دستکاری سکھا دے۔ یہ کتاب ایک سچے دوست اور رہنما کا کام دیگی۔

نیاز مند
پبلشرز

ہر فن مولا

یا

خزانہ غیبان

عرق بنانیکی ترکیب

عرق سونف - ایک سیر سونف میں تین سیر پانی ملاکر چار روز تک بھگودو
بعد میں اس کو بھبکامیں بھرکر اس عرق کو کھینچ لو - اسی طرح سے چرائتہ سیلترہ
ملوہ - منڈی - گاؤزبان - عشبہ - چوب چینی - بید مشک کے پھول - کیوڑے
کی بال - گلاب کے پھول - صندل وغیرہ کے عرق بنکر تیار ہوتے ہیں -

عرق کیوڑہ - اسپرٹ ریٹی فایڈ ایک چھٹانک میں کیوڑا ایک چھٹانک
ملاکر شیشی میں بھرکر ڈاٹ لگاکر رکھ چھوڑدو - تھوڑی دیر میں کیوڑا کا پانی ہو
جاویگا - بس یہی عرق کیوڑہ ہے - اس کو ملا ایک چھٹانک پانی میں چھانکر کسی شیشی میں
بھرکر رکھدو - اور حسب ضرورت استعمال کرو - ہیضہ - دست - قے - جی -
متلانا وغیرہ کیلئے بہت فائدہ مند ہے -

شربت بنانا

شربت کئی قسم کے بنتے ہیں کوئی شربت تو بغیر کسی دوسری دوا کے میل سے تیار کئے جاتے ہیں اور کوئی کوئی دوسری دوا کے میل سے تیار ہوتے ہیں

شربت انار۔ انار کے دانوں کو نکالکر ان میں سے رس نکالکر کسی ٹب میں بھر لو۔ اور کہانڈ کی چاشنی کر کے اس میں ملا دو۔ شربت تیار ہو جاویگا۔

شربت دینار۔ کاسنی۔ سونف۔ گلاب کے پھول کسوم یہ ہر ایک ایک ایک چھٹانک لیکر اور کاسنی کی جڑ آدہی چھٹانک یہ سب کوٹ چھانکر چار سیر پانی میں جوش دیکر جب پانی ایک سیر رہ جاوے تب اُتار کر ملکر چھان لو۔ تین سیر قند ملاکر چاشنی کر کے چھان لو۔ بعد میں ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھردو شربت تیار ہو جاوے گا۔

شربت سنتر۔ سنتروں کا گودا نکال کر اس کا رس نچوڑ ڈالو۔ تب پھر اسکو جوش دیکر دو سیر لکہی ترکیب سے قند کی چاشنی کر کے ملا۔ کوٹ چھانکر بوتلوں میں بھر دو۔ شربت تیار ہو جاوے گا۔

شربت اعجاز۔ تخمی کھودواجی۔ نیلوفر۔ گل بنفشہ کے پھول۔ بیدانہ۔ مویٹھی۔ بہی۔ ہو مرے آدھی آدھی چھٹانک لیکر ۳۰ دانے عناب ان کو ایک سیر پانی میں جوش دیوے اوپری ترکیب سے شربت تیار ہے۔

شربت نیمو۔ سنترے کا شربت جس طرح سے کیا جاوے اسیطرح نیمو کا عرق نچوڑ کر آگ پر جوش دیکر چاشنی کر کے چھان کر بوتلوں میں بھر دو۔

شربت کیلا۔ کیلے کے رس کو پانی کے ساتھ جوش دیکر اوپر شربت کے سب سے تیار کرنا چاہئے۔ لیکن یہ خیال رہے کہ کیلا خود بھی میٹھا ہوتا۔ اس لئے چاشنی میٹھے کے مطابق کرنی چاہیئے۔

شربت بنفشہ۔ بنفشے کی پتیاں دس تولہ۔ گل بنفشہ چھ تولہ پھول گلاب ایکتولہ کو ایک سیر تازے پانی میں بھگو کر چھوڑ دو۔ آٹھ گھنٹے یونہی رکھا رہنے دو پھر آگ پر رکھکر اس کو جوش دو جب آدھ سیر پانی رہ جائے تو ملکر چھان لو۔ اور عرق گلاب آدھ سیر تک بورا سفید چار سیر میں اسکو چھوڑ کر شربت کے موافق چاشنی کرکے بوتل میں بھر لو۔ ضرورت ہر کام میں لاؤ اگر شربت بنانے کے وقت پانی کی ضرورت ہو تو ٹپ کا پانی حسب ضرورت اور ڈالدیں۔

شربت جوشاندہ۔ سونف چھ ماشہ۔ ہنسراج چھ ماشہ۔ مولیٹھی دو تولہ۔ جبجبا دو تولہ۔ دالچینی دو تولہ۔ انجیر ایک تولہ۔ اتیوا دو تولہ۔ ان سب دوا کو امام دستہ میں کوٹ لو پھر آدھ سیر پانی میں ایک رات بھگو دو سویرے اس کو ملکر چھان لو۔ ایک سیر قند ملا کر شربت کے موافق چاشنی کر لو اگر پانی اگر پانی کی ضرورت ہو تو ٹپ کا پانی ڈالدو۔

شربت ولایتی انگور۔ ولایتی انگور کو لے کر اسکے بیج نکال کر پھینکدو۔ پھر اس کو خوب مل کر چھان کر رس نکالو پھر ایک سیر بورا اس میں ملا کر چاشنی کر لو حسب ضرورت پانی اور ملا لو۔

شربت خشخاش۔ تخم سکھا خاص دو تولہ۔ پوست خشخاش ایک تولہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بارہ گھنٹے بھگو کر پھر آگ پر رکھکر جوش دو جب چوتھائی پانی جل

بنا وے تب اس کو ملکر چھان لو اور تین پاؤ بورا سفید ملاکر شربت کی چاشنی کرلو

شربت سیب - سیب کا چھلکا اور اندر کے بیج نکالکر کے پھینکدو اور سیب کو کچل کر اسکا عرق نکال لو - بعد میں قند سفید ملاکر کے چاشنی کر بنالو

عجیب مفرح شربت جس کی دس بوند سے ایک گلاس اچھا خاصہ میٹھا ہو سکتا ہے اور عام اشتہاروں کے ذریعہ فروخت ہوتا ہے -

نسخہ - سکرین ۲ گرین - سدح کیوڑہ ۲ بوند - کٹی فائیٹہ اسپرٹ اس قدر کہ کل وزن ایک اونس ہو جاوے - بس شربت تیار ہے اب اس سے آٹھ یا دس بوند کو ایک گلاس پانی میں ڈال کر پیویں باوجود مفرح ہونے کے تمام دن پیاس نہیں لگتی - گرمی کے دنوں میں یہ شربت بڑے کام کی چیز ہے

خوشبو دار تیل وغیرہ بنانا

حسین دلربا تیل

ہڑ - بہیڑا - آملہ - لونگ - بڑی الائچی - بال چھڑ - کچور - کچری - باڑچینی رتن جیوتی - جائے پھل - دل چینی - جاوتری - ان سب کے ہموزن ہلدی لے کر ۲۰ تولہ حصے پانی میں اوبال لیں جب پانی چوتہائی رہ جائے اُس پانی کے ہموزن خالص دھوئی تلی کا تیل ڈالنا چاہیئے جب پانی جل کر تیل باقی ہے تب چھان کر بوتل میں بھر لو اس تیل کے لگانے سے سر درد -

کمزوری دماغ کیلئے نہایت مفید چیز ہے

نفیس ہیئر آئل

ایک سفید تیل ہوتا ہے جس میں بدبو نہیں معلوم ہوتی۔ اسمیں تھوڑا الکوحل ملاکر خوشبو دینے سے بہت بڑھیا تیل تیار ہوتا ہے نگت کیلئے الکونیٹ سٹ کام میں لاؤ۔

تیل چمیلی

بڑھیا دھوئی تلی کو لیکر چمیلی کے پھول کو ملاؤ پھر کسی برتن میں اس کو دو یا تین دن تک رہنے دو جس سے چمیلی کے پھول اُس میں خوب بس جاویں پھر اُس کو تیل نکالنے کے کولہو میں یا کل میں ڈال کر تیل نکال لو۔

تیل بادام

میٹھے باداموں کو لے کر اُن کو چھیل کر سُکھا لو جب سُکھ جاوے تو لوہے کی روغن نکالنے کی چھوٹی سی مشین ہوتی ہے۔ اسمیں دبا کر تیل نکال لو۔

تیل مصالحہ

ناگر موتھا - بانڑی - کپور - کچری - چھار چھبیلا - لال چندن - سفید چندن
بال چھڑ - لونگ - تج - خش - اگر - تگر ان سب دواؤں کو امام دستے میں لوہا
یکجائی کر کے میٹھے تیل اور تھوڑے پانی میں خوب جوش دو جب پانی جل جاوے
اور تیل میں ساری دوا اوٹ جائیں تب اُس کو اتار لو اور دواؤں کو مل کر
نکال ڈالو اور تیل کو چھان کر بھر لو - تیل بہت نفیس بن جاوے گا -

خوشبودار تیل ناریل

ناریل کا تیل دو سیر - چندن تیل ایک چھٹانک - تیج پات ایک پاؤ
پھول گلاب خشک پاؤ - عطر حنا دو بھری - پہلے ناریل کے تیل بچایات -
بنیائی جڑ اور گلاب کے پھول کو پندرہ روز تک بھگو رکھو - جب دیکھو کہ
ناریل کے تیل میں بو نہیں آتی تب حنا عطر اور چندن کا تیل ملاؤ - رنگنے کیلئے الکانیٹ روٹ ملاؤ - تیل کو باریک کپڑے میں چھان کر شیشی میں بھر دو -

من موہنی تیل

سفید دھوئی تلی کا تیل دو سیر - تیل چندن چھ تولہ - تیل سنترہ ۱۰ تولہ
تیل بادام دس تولہ - جڑ رتن جوت دو - ان چیزوں کو میٹھے تیل میں ڈال کر
بوتل میں کاک لگا کر تیز دھوپ میں تین گھنٹے رکھ کر موٹے میں چھان لو - تیل بہت
نفیس تیار ہوگا -

پھولیل بنانا

صندوق کے ڈھکنے کی طرح ایک ٹین کا برتن بناؤ جس کے پیندے میں کنارے کی طرف سے ایک سوراخ رہے۔ اور اس سوراخ میں ایک نل باہر کی۔ پھول کی پتیاں توڑ کر بعد میں ڈھکنے میں بچھاؤ۔ پتیوں کی تھوک ایک انچ سے لگا کر دو انچ ہونی چاہیئے۔ پھر اس میں تھوڑا سا تل کا تیل ڈال دو جب پتیاں تیل خوب بھیگ جائیں تب اس کے اوپر اور ایک تھوک پتیوں کا لگا دو پھر تیل ڈالو۔ اسی طرح جتنا تیل بنانا ہو اتنا ہی تھوک پتیوں کا اس میں لگاتے جاؤ۔ اور تیل ڈالتے جاؤ پھر ایک دن تک پتیوں کو تیل میں بھیگ لینے دو ایک روز سے زیادہ نہ رکھنا ورنہ تیل خراب ہو جائیگا۔

اسکے بعد کاپی پریس میں اس برتن کو رکھکر دباؤ۔ کیونکہ کاپی پریس میں چیز خوب دبائی جاتی ہے اور تیل بھی خراب نہیں ہوتا۔ اور اس کے نل کے نیچے ایک برتن رکھدو۔ جب دباؤ گے تو سب تیل اسی میں آ جائیگا۔

یہ تیل ہر طرح میں بہت نفیس تیار ہو گا۔ اسی طرح سے بیلا چمیلی کا بھی تیل بنتا ہے۔ جتنا خوشبودار پھول ہو گا اتنا ہی خوشبودار تیل بھی ہو گا۔

بگڑا تیل ٹھیک کرنا

تیل میں تازہ ہی رس ڈال کر چھان لو تو تیل اپنی اصلی حالت میں آ جائیگا۔

گنج ناشک تیل

آدھ سیر میٹھا تیل بادام آدھ سیر ارسی گینم چھ ماشہ۔ روزمیری کا تیل چھ ماشہ انگریزی عطر ۶ بوند کے قریب ملاکر استعمال کرنے سے گنج فوراً دور جاتا ہے۔

تیل خضاب

ماجو بھنا پانچ تولہ۔ نوسادر تین ماشہ۔ پھٹکڑی تین ماشہ۔ مُردار سنگھ چار ماشہ۔ زنجیر چار ماشہ۔ سنگر اسکہ ۱ ماشہ سبزادہ مس ۲ تولہ۔ نونیا تین ماشہ تین ماشہ۔ پوست ریٹھا ایک عدد۔ آملہ ایک تولہ۔ کسیس ایک ماشہ سب کو پیسکر سیر بھر پانی میں سب کو ملاکر لوہے کے برتن میں بھر کر سات دن زمین میں گاڑھے۔

اسکے بعد آگ پر جوش دے کر چھانکر ایک سیر تل کے تیل میں پکاوے۔ جب پانی کا حصہ جل جاوے تب اُتار کر کام میں لانا چاہیئے۔

سرور ناشک تیل

آملہ۔ ہڑ۔ بہیڑا سجوٹھ۔ دیوداس ہلدی۔ اگر چندن چور لال وسفید

ہندوستان کے مشہور معروف
ادم
امرت دہارا

ولیسی کپور۔پیپرمنٹ۔اجوائن کا ست ہموزن لیکر ایک شیشی میں بھر کر رکھ دو۔امرت دھارا ہو جائے گی۔جو ہیضہ۔بخار۔دردِ سر وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

مرہم

گائے کا گھی پانچ تولہ۔سنکھیہ زہرہ ایک تولہ۔گلیسرین ایک تولہ۔ان سب کو باریک پیس کر چھان لو۔پھر گائے کے گھی میں ملا کر رکھ لو۔

دانت کا منجن

ہرڑ۔کپور۔پھٹکڑی۔کالی مرچ۔سفید الائچی ان سب کو برابر لیکر عرق گلاب میں کھرل کرو۔جب گاڑھا ہو تو شیشی میں بھر لو۔

خضاب

نارنگی کا تیل آدھا حصہ۔ریفٹی فائیڈ اسپرٹ سوا اونس پیرو گیلک ایسڈ۔جو۔سونف۔دھنیا۔ہری گلو۔مہندی کے پتے سب ایک ایک چھٹانک لونگ۔الائچی۔بال چھڑ۔چھڑیلا۔ناگر موتھا۔رتن جیوتی۔بانڑی۔ملہٹی آدھی چھٹانک۔

ان سب چیزوں کو جو کوٹ کرکے ۸ سیر پانی میں بھگو دو۔آٹھ پہر کے بعد کڑھائی میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں۔ہلکی ہلکی آگ سے پکا دیں

جب ڈہائی بچ رہے اُتار لیں ٹھنڈا ہونے پر ملکر چہان لیں پھر اس کدو اور مولی اور بھانگرے کا رس بھنوا پالک کا رس سب آدھا آدھا سیر لے کر جو لیے پر چڑھاوے اور ایک سیر بڑھیا تل کا تیل ڈال کر پکاوے۔

جب پانی جل جاوے تب اُتار کر ٹھنڈا کر لو۔ پھر اس تیل کو سر پر ملے تو سر کا درد دور ہووے احتلام کے لئے اور دماغی کمزوری کیلئے مفید ہے بال ملائم اور کالے بڑھاپے تک بنے رہیں گے۔

مہاسا ناشک تیل

یہ تیل سب سے سستا ہے سر کے میں چھوہارے کی گٹھلی گھسکر کسی شیشی میں رکھ لو۔ لگانے کے تھوڑی دیر بعد چھٹانک گرم پانی سے دھو ڈالے مہاسے۔ چھائی وغیرہ کو چند روز کے استعمال کرنے سے چہرہ کندن کے مانند ہو جائیگا۔

بال کالے ہو جاوینگے

الیسٹڈ پاؤ اونس پانی تین اونس ان سب چیزوں کو ملا کر بالوں پر لیپ کرنے سے بال کالے ہو جائینگے۔

سوزاک کی دوا

کلفے کے بیج۔ سفید پوست کے دانے۔ کھیرا۔ ککڑی۔ خربوزہ اور تربوز

کے بیجوں کی مینگی ایک ایک تولہ چھوٹے گوکہرو - ببُول کا گوند ادر کتیرہ
چھ چھ ماشہ یہ سب اسبغول کے لعاب میں تین تین ماشہ کی گولیاں بناؤ
اور ایک گولی روزانہ کہائیں تو سوزاک کے لئے بہت مفید ہے ۔

سوزاک کی دوسری دوا

ہلدی اور آملہ برابر گوند چیان کر اُسی کے برابر اور ملاکر ایک تولہ پانی کے
ساتھ پھانکے تو نیا سوزاک سات روز میں صاف ہو جاویگا ۔

سوزاک کی پچکاری

پھٹکری تین ماشہ - نیلا تھوتھا تین ماشہ کو آدھ سیر جل میں اوٹاوے جب
آدھا پانی رہ جاوے تب شیشی میں بھر کرکے رکھ لیں اور اس میں سے پچکاری
لگاوے تو اندری کے بھیتر کے تمام زخموں کو بہت جلد آرام کرے ۔

مرہم بواسیر

سیندور چار ماشہ - گھی ایک تولہ ان کو کھول کے کٹورے میں ڈالکر نیم کی
لکڑی سے اس کے سیرے پر شیشہ لگا کر خوب گھوٹے جس سے شیشہ کا گُن
اس میں خوب مل جائے اس طرح مرہم تیار ہو جاویگا - اور بواسیر کیلئے بہت
مفید ہے ۔

غذا قوت باہ

سفید پیاز کا عرق ایک سیر شہد ایک سیر۔ دونوں کو آگ پر رکھکر
چاشنی کرنی چاہیئے۔ جب چاشنی ہو جاوے تب لال تودری سفید تودری
بہمن سُرخ اور سفید سونٹھ۔ پیاز معلی۔ گندنا۔ شلجم کے بیج۔ تال مکھانے
کالی اور سفید موسلی ہر ایک ایک چھٹانک لیکر اور کُوٹ چھانکر پاک بنالے
یہ پاک بہت ہی مفید ہے۔

سر درد کا دشمن

سونٹھ ایک ماشہ۔ بادام ایک دانہ۔ کیشر ایک رتی پانی میں پیسکر ملتے
پر لیپ کرنے سے سر کا درد کافور ہو جاتا ہے۔

سوزاک

ایک چھٹانک رسوت کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں بھگو دو جب گھل جائے تو
موٹے ہلتے کے سفید کپڑے میں چھان کر رکھلو۔ وس سے پندرہ بوند تک پانی
میں ملاؤ بعد میں سویرے بغیر کچھ کھاتے پینا چاہیئے۔

ہیضہ کا دشمن

کپور رسلوبان کا ست۔ پیپرمنٹ۔ اجوائن کا ست چاروں کو ملا کر گلا لے پھر
اُس میں سب کا چھٹواں حصہ افیم دیسی شدھ کی ہوئی ملا کر پلانے سے ہیضہ
فوراً کافور ہو جاتا ہے۔

کھجلی کی دشمن

بنبو کے ست (رس) میں چونا۔ ہڑتال گھوٹ کر لیپ کرنے سے فوراً آرام آتا ہے۔

ہنگاشٹک چورن

سونٹھ۔ پیپل۔ مرچ زیرہ سیاہ سفید دونوں۔ اجھوز نمک ہینگ یہ برابر لیکر کھرل کرے۔ نوٹ۔ ہینگ چوتھائی ہونا چاہیے۔

تلی کی دوا

جامن کے رس میں بانجیر مولی ڈالکر کھاؤ۔ کچھہ روز تلی کا رفو رجائیگی۔

مصفی خون

عناب ۲ حصہ۔ اتند کا ایک حصہ خس ایک حصہ۔ سونف ایک حصہ جو اسا ایک حصہ۔ چندن چورسان ایک بھاگ۔ نیلوفر دو حصہ۔ مصری سب سے دو بھاگ لیکر رات کو سب دوا کُن آٹھہ حصے پانی میں بھگو دو

سویرے جوش دلوے جو تہائی رہنے پر ملکر چھان کر مصری ڈال کر شربت بنالو

ترکھانسی کی مجرب دوا

شہد میں ادرک کا رس اور بھنا ہوا سہاگہ ڈال کر چاٹنے سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

مرہم آتشک

رس کپور۔ سفیدہ کاشغری۔ کتھہ۔ مردار سنگ۔ کبیلہ کھپری اور بنسلوچن چھوٹی الائچی برابر لیکر گائے کے مکھن میں ملا کر زخموں پر لگانے سے کچھہ روز میں آرام ہو جاویگا۔

بواسیر خونی

سوت کا ست پانی میں ڈال کر پلانے سے خون بند ہوتا ہے۔ اور پھر کبھی نہیں ہوتی۔

مجرب دوائی داد

چونیا ڈھاک کا گوند۔ گندھک۔ نوسادر۔ سہاگہ۔ بنسلوچن چھوٹی

الائچی۔ ہموزن لیکر بیس چھان کر بھیڑ کا دودھ یا پٹو کے عرق میں گولی بناکر استعمال کرنا چاہیئے۔ گولی پانی میں گھس کر لگانا چاہیئے۔

جریان

ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ الائچی۔ تیج۔ دارچینی۔ بنسلوچن رشتاور۔ گوکھرو۔ تال مکھانہ۔ دھنیہ۔ بہمن سرخ۔ سونف۔ پھول گلاب سبکو ہموزن لیکر بیس چھان کر برابر کی مصری ملاؤ پھر چھ ماشہ سفوف دو تولہ شہد میں ملاکر صبح استعمال کرو۔ اوپر سے پاؤ بھر گائے کا دودھ نیم گرم پینے سے کچھ روز میں ضرور فائدہ ہو جاویگا۔

صابن سازی

کیسری صابن

سفید کپڑے صابن کے ٹکڑوں کو پانی میں گلاکر پھر اس میں کیسری کا رنگ دیدو۔ کیسری کے رنگ دینے کو پہلے کیسر کو الکوحل میں بھیگر پیچھے رنگ اور خوشبو دیکر صابن تیار کرلو۔

گلاب کے پھول کا صابن

سوڈا کاسٹک پچاس حصہ ناریل تیل پچاس حصہ۔ عطر گلاب تین ماشہ روح گلاب نو ماشہ۔ سب کو ملا کر اوپر لکھی ترکیب سے صابن بنانا چاہیئے۔

خوشبو کا صابن

سوڈا کاسٹک پچاس حصہ۔ ناریل تیل پچاس حصہ دونوں کو ملا کر صابن کی طرح بنا کر پیلا رنگ ڈالدو جب ٹھنڈا ہو جاوے تب خوشبو کا عطر ملا کر صابن بنالو۔

نیم کا صابن

سوڈا کاسٹک پچاس حصہ۔ کھجور کا تیل پندرہ حصہ۔ نیم کا تیل ۳۰ حصہ۔ رال پانچ حصہ ان سب کو ملا کر صابن کی طرح بنالو۔

کاربولک صابن

کھجور کا تیل ۲۵ پونڈ۔ سیندہ دو پونڈ ناریل تیل ایک پونڈ۔ کاربولک ایسڈ ۲ اونس اول صابن اور باقی کو تیل کے گرم کر کے ملاوے جب وہ گاڑھا ہو جاوے تب اس میں کاربولک ایسڈ ملا کر دھیرے دھیرے چلاوے جب گاڑھا خوب ہو جائے تو سانچوں میں بھر کر چکنی بنا کر کام میں لاوے۔

اچھے صابن کی پہچان

اگر صابن کا ٹکڑا الکوحل شراب میں ملایا جاوے تو کم سے کم ننانوے میں سے ننیانوے ۹۹ حصے اس میں ملکر ایک حصہ بنا ملا رہ جاوے یعنی سب حصہ نہ ملے۔ **دوسری پہچان** یہ ہے کہ گرم پانی میں ملایا جائیگا تو تو اسمیں ملے نہیں۔ ہیں کی طرح لجلجا پتلا پتلا اور چپ چپا ہو کر رہ جاویگا

صابن میں پانی کی تول

اچھا صابن بنانے کے لئے چوتھائی حصہ پانی ہونا چاہیئے۔
رال کے صابن میں چالیس حصہ پانی سو حصہ میں۔
اگر ناریل کے صابن میں باون $\frac{1}{2}$ حصہ سے بھی زیادہ پانی ہو تو کچھ خرابی نہیں ہوتی ہے۔

کپڑے دہونیکا صابن

کاسٹک سوڈا تین چھٹانک ہے ہو یا مہوا کا تیل بارہ چھٹانک پانی ڈیڑھ سیر شام کے وقت اول پانی کو خوب جوش دو پیچھے کسی چینی کے برتن میں ڈال کر اس میں کاسٹک سوڈا ڈالدیں۔ اور پھر ڈھککر رات بھر ٹھنڈا ہونے دیں۔ پھر صبح کو اس میں باریک دہار سے دھیرے دھیرے تیل ڈالیں۔ ساتھ ساتھ دوسرا آدمی کسی چمچہ سے چلاتا جاوے جب خوب ملکر لیہی کے مانند ہو جاوے تو کسی برتن میں جما دے کاٹ کر ٹکیہ بنا

چربی کا کپڑے دھونیکا صابن بنانا

ڈھائی سو پونڈ چربی لیکر اول اس کو کڑھائی میں آگ پر پگھلاؤ جب وہ پگھلکر تیل کی مانند ہو جاوے تو اس میں ۱۹ گیلن سوڈے کا پانی ڈال دو اس راستے سے چربی اوپر آجاے گی۔

اسکے بعد دس گیلن پانی ملاو چند گھنٹے بعد ڈیڑھ گیلن پانی فی گھنٹہ کے حساب سے دس سیر باقی کا ملاتے رہو۔ دس گھنٹے بعد صابن کی چاشنی تیار ہو جاوے گی۔ اس میں نمک ملادو جب پانی صابن سے علیحدہ ہونے لگے تو سولہ گیلن پانی کھاری پچیس ۲۵ درجہ کی اوسط کا ایک ساتھ ملادو آگ کو تیز کردو اور تیزی کے ساتھ لکڑی سے چلاتے رہے پھر چار گھنٹے بعد پچیس ۲۵ درجہ کا کھاری پانی اور ملادو جب چاشنی ہو جائے تب آگ بجھادو اور ایک گھنٹہ بعد اس میں جو پانی ہو اسے نتار لو۔ اسی طرح نمک ڈالنے کے بعد جو پانی اوپر ہے اس کو نکال لو جس کی اور نیا پانی ملادو لیکن یہ پانی بھی کھاری ہو۔

جو پانی کٹھاؤ میں سے نکالا جائیگا قریب تیس درجہ طاقت کا اوسط کا ہوگا۔ اس ترکیب کے ختم ہونے سے پہلے بارہ گیلن پانی چار درجہ کی طاقت کا اور بڑھادو اور دو گھنٹے تک اور آگ پر رکھو۔

جب چاشنی آجاوے تب آگ کو ایکدم بجھادو۔ اور پانچ گھنٹہ تک ٹھیرو۔ بس صابن اوپر آجائیگا۔ اس کے بعد صابن کو ہاتھ سے اٹھا کر لکڑی کے صندوق

میں پھر بعد اور اسکو متھو - اس طرح چربی میں سے بدبو دور ہو جائیگی
بعد میں صابن کو آٹھ روز تک ٹھنڈا ہونے دو - اسکے بعد میل کو نکال
کر جیسی صورت میں کاٹنا ہو تار سے کاٹ لو - کسی اور اوزار سے کاٹ
نے سے صابن خراب ہو گا -

رنگ سازی کا نسخہ

یعنی

کپڑا رنگنا

اگر کپڑا میلا ہو تو اسے دھو کر صاف کر لینا چاہیئے - یالی خوب سفید ہو جائے
چونکہ سفید سب رنگوں کی زمین ہے - اگر چیز صاف نہ ہو گی تو دوسرا رنگ
بھی ٹھیک نہ چڑھے گا -

کالا رنگنا

اگر سوتی کپڑا رنگنا ہے تو پہلے اسے کسیس کے پانی میں نچوڑ
ڈالو پھر اسے پتنگ کے رنگ میں رنگ ڈالو -

ریشمی کالا کپڑا رنگنا

پہلے نیل کے رنگ [illegible] پانی [illegible] پھر اس میں نیلے نچوتے

کسمبس یا پتنگ کا رنگ دے ڈالو۔ ریشمی کپڑا بہت بڑھیا رنگا جاوے گا۔

لال رنگ

پہلے کپڑے کو اونٹین کے رنگ میں رنگ ڈالو۔ بعد میں شمیک کے رنگ میں یا پتنگ کے رنگ میں رنگو۔ کسم کے رنگ میں رنگنے سے بھی لال پکا رنگ ہو جاتا ہے۔

اُودا رنگ

بنفشہ کے رنگ کو پانی میں اوٹا کر اس میں سرکا ملا کر رنگو۔ رنگ بہت نفیس ہوگا۔

پیلا رنگ

اوّل پھٹکری پانی میں گھول کر اس میں کپڑے کو تر کر کے پیچھے ہلدی میں رنگ کر کلف دیکر نچوڑ ڈالو۔

اُونی کپڑا سیاہ رنگنا

پہلے کپڑے کو نیل میں رنگ لو پیچھے ماجو کا رنگ نکال کر اس میں ڈبا کر نکال لو اور بغیر نچوڑے سایہ میں پھیلا دو۔

چمپا رنگ

پہلے کپڑے کو ہلدی میں رنگ کر سکھا لو۔ پھر کسم کے رنگ میں نیبو کا رس ڈال کر کپڑا رنگ لو۔

پیازو رنگ

کپڑا کو بھگو کر نیبو کے عرق بکم کا رنگ گھول کر رنگ لو۔ بعد میں نچوڑ کر پھر نیبو کا عرق صاف پانی میں ڈال کر نچوڑ کے سکھا لو۔

طوطیا رنگ

کپڑے کو ماجو پھل پیس کر اس میں رنگے۔ پھر کسیس کے پانی میں ڈبو کر پھر پھٹکری کے پانی میں ڈبو کر نچوڑ ڈالو۔

خاکی رنگ

بڑی ہڑ کو پانی میں بھگو کر اور خوب مل کر چھان لو۔ اور کپڑے کو اس رنگو۔ پھر کسیس کے پانی میں ڈوب کر پھر ہار سنگار کے پھول پھٹکری میں گھول کر اس کو ڈوب دیکر کپڑا رنگ لو

فالسئی رنگ

لال رنگ میں گہرا کالا رنگ ملانے سے فالسئی رنگ تیار ہوتا ہے۔

کتھئی رنگ

پہلے ببول چھال اُبال کر اس میں کپڑے کو رنگو پھر کتھ بسیکر کے جوش دیکر اس میں کپڑے کو رنگ ڈالو۔

کاہی رنگ

پہلے نیل کے پانی میں ڈوب کر سکھا وے پھر دو گھنٹہ تک ہلدی کے پانی میں پڑا رہنے دو۔ پھر سکھا کر آنار کے رنگ میں رنگ کے بعد میں پھٹکری کے پانی میں ڈوب کر سکھا لو۔

عُنّابی رنگ

پہلے آلو کی لکڑی کو اُبال کر اس میں رنگ ڈالو۔ پھر کسیس کا کالا رنگ ملاؤ۔ عنابی رنگ تیار ہے۔ آلو کی لکڑی اُبالتے وقت تھوڑا کھانے کا سوڈا ڈالنے سے رنگ پکا ہوگا۔

بیجنی رنگ

پہلے کسُم کے رنگ میں رنگ کر نیل کے پانی میں ڈبودو۔ سب کے بھکڑی کے پانی میں ڈوب کر سکھا لو۔

روشنائی بنانا

کالی سیاہی

ایک سیر پسے ماجو کو پانچ سیر پانی میں دو یا ڈھائی گھنٹے تک اُبال کر چھان لو۔ پھر اُنہی ماجو پھلوں کو تین سیر پانی میں تین گھنٹے اُبالو۔ اگر پھر بھی ماجو پھلوں میں رنگ جان پڑے تو دو سیر پانی میں پھر اُبالو۔ تینوں پانی کو ملا دو اسکے بعد پاؤ سیر کسیس و گوند نے پانی میں گلا کر سب کو ملا دو۔ ایک ہفتہ بعد بہت نفیس سیاہی بن جائیگی۔

بلو بلیک

سیر بھر ماجو کو کوٹ کر دس سیر پانی میں پندرہ دن تک بھگو دو پھر نکال کر اس میں ڈھائی چھٹانک سیر کا۔ ایک تولہ کاربونک ایسڈ ملا دو۔ اسکے بعد ڈیڑھ پاؤ پتنگ کی لکڑی کا ست ایک سیر پانی میں جوش دے پاؤ سیر کسیس اور چھ ماشہ پھٹکڑی سیر بھر پانی میں گلا کر سب کو ملاؤ۔

بعد میں چھان کر بوتل میں بھر لو۔

سُرخ روشنائی

سیر بھر لاکھ کو آٹھ سیر پانی میں گرم کرو۔ چوتھائی رہنے پر اُتار دو اور
چھان کر بوتل میں بھر لو۔

نیلی روشنائی

ایک سیر نیلو پیس کر پانی میں گھول کر اس میں چوتھائی چھٹانک
آگ جیلک ایسڈ ملا کر رکھو۔

پیلی روشنائی

پکرک ایسڈ۔ شورے کا تیزاب اور کاربولک ایسڈ کو ملانے کا
تیزاب سے مل کر بنتا ہے۔ دس تولہ پسے ہوئے گوند میں ستّو تولہ پانی
میں اُبال کر چھان لو۔

ہری روشنائی

نیلی۔ پیلی روشنائی دونوں کے ملانے سے ہری روشنائی تیار ہوتی ہے

نقل اُتارنیکی روشنائی

پا بری گیلک الیسڈ کا پانی ایکتولہ - ٹوٹھیا ایک تولہ - آیل کلو ائیڈ ڈھائی تولہ - پوٹے شیم الیسوٹیٹ چھہ ماشہ ان سب کو ملا کر نقل کی سیاہی بنتی ہے -

پتھر کے چھاپنے کی کاپی لکھنے کی روشنائی

ایک چھٹانک تارپین کے تیل کو گرم کر کے اُس میں بارہ چھٹانک لاکھ - چربی چھہ چھٹانک موم چھہ چھٹانک - کڑا صابن آٹھ چھٹانک تیزاب آٹھ چھٹانک کو ملا کر خوب گھوٹ لینا چاہیے - آخر میں گیارہ چھٹانک کاجل ملا کر پھر گھوٹنا ٹھنڈا ہونے پر ٹکیہ بنا لو -

لیتھو گرافر روشنائی

موم چار چھٹانک - دو چھٹانک چربی - پاؤ سیر صابن چھہ چھٹانک کاربونک آف سوڈا دو چھٹانک کاجل سلا کیہ چار چھٹانک سب کو لیکر گرم کرنا چاہیئے - بعد میں خوب گھوٹ کر سیاہی بنا لو - یا ٹکیا بنا کر رکھ لو -

دیسی کالی سیاہی

پاؤ بھر کاجل کو کڑاہی میں ڈال کر خوب گھولو۔ اور پھر تین پاؤ گوند کو پانی میں گھول کر چھان لو۔ اور اس کو روشنائی میں تھوڑا تھوڑا کرکے گھوٹنا چاہیئے۔ جب سب پانی ختم ہو جاوے پھر اسکو تیل سے چپڑ کر کسی سوپ میں پوت دو۔ اور دھوپ میں سکھا دو۔ بعد میں اسکو جھڑا لو۔ سیاہی چمکیلی ہوگی

دیسی لال سیاہی

دو چھٹانک کتھہ۔ ایک چھٹانک گیرو۔ پاؤ سیر لاکھ۔ گوند ببول کا آدھی چھٹانک۔ پھٹکری ایک تولہ۔ سینگ کا ست ایک تولہ ان سب کو پہلے سوکھا گھوٹو۔ پھر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالکر گھوٹتے گھوٹتے سب پانی ملا دو۔ پھر چھان کر بوتل میں بھر لو۔

مہر کی کالی سیاہی

ایک سیر اسپرٹ میں ایک تولہ لال میجنٹیم رنگ ڈال کر خوب گھولو۔ اس میں ایک سیر گلیسرین اچھی طرح ملا کر خوب ہلا دو مہر کی سیاہی تیار ہے۔

چھپی روشنائی

پیاز کے عرق سے لکھنے سے حروف نہیں ظاہر ہونگے۔ مگر آگ دکھانے سے ظاہر ہونگے۔

دوسرا راستہ

آگ کے دودھ سے بھی لکھتے ہیں۔ بعد میں اگر اس لکھے ہوئے کاغذ کو آگ سے سیکو تو حروف ظاہر ہوں گے۔

شیشہ پر لکھنے کی سیاہی

بڑھیا چپڑا ۱۰ حصہ۔ الکوحل ۵۰ احصہ سہاگہ ۵ ۳ حصہ۔ پانی ۲۵۰ حصہ رنگ حسب ضرورت اول لاکھہ کو الکوحل میں دھو لو اور سہاگہ کو بھی دھیرے دھیرے ایک دوسرے میں ملاؤ۔ رنگ کو تھوڑے سے پانی میں گھول کر ملا دو۔ روشنائی بن جائیگی۔

بڑھیا کالی روشنائی

سرسوں کا تیل کا کاجل پانچ تولہ گوند بیس تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر ہر دو اجزا کو اول پانی میں بھگو دو۔ جب گوند حل ہو جاوے اس کو کڑاہی میں ڈال کر خوب زور سے گھوٹیں۔ جب گاڑھا ہو جاوے تو سرکی یا

جھاج پر پھیلادیں۔ اور خشک ہوتے پر استعمال کریں۔

عمدہ۔ اعلیٰ اور چمکدار دیسی سیاہی

گوندکیکر ایک حصّہ۔ کاجل چار حصّہ۔ گوند کو پانی میں بھگو کر لعاب نکالو۔ پھر اس میں کاجل ملاکر خوب گھوٹو۔ ذراسی پھٹکڑی۔ ذراسی چینی کھانڈ ملاکر گھوٹ کر چھاج یا سرکی پر خشک کرو۔

روشنائی کا کاجل

مٹی کے کورے چراغ میں تل یا سرسوں یا السی کا تیل ڈال کر اُس میں ایک موٹی سی بتی ڈال کر روشن کردیں۔ اور اُس پر مٹی کی ایک بڑی رکابی اسقدر اُونچی اوندہی رکھیں کہ بتی سے ذرا اُونچی ہو تب تیل جائے تو رکابی کو آہستہ سے اُٹھا کر کاجل اُتار لیں۔ اور قلم میں لیں۔

دیسی روشنائی

السی کے تیل کا کاجل ۵۴ گرین۔ خون شیا دشنان ۸۰ اگرین

گوند ببول ایک ڈرام سب کو پیشکر لعاب گوند میں اسقدر گھوٹیں کہ گولیاں بنانیکے قابل ہو۔ گولیاں بناکر خشک کریں۔

سنہری سیاہی

بازار میں عام طور پر سنہری پوڈریہ تیس چار پیسہ کے حساب سے بکتی ہے۔ اِسے لیکر گوند کے پانی سے یا خالص سیاہی سے حروف لکھکر بُرادہ سُنہری روئی سے پھیر و تحریر بالکل ہی سنہری ہو جائیگی بڑا آسان طریقہ ہے۔

کپڑے پر نشان کرنیکی پختہ سیاہی

کاسٹک نقرہ چھ ماشہ۔ خالص پانی بجھکا کا نکلا ہوا۔ ایک چھٹانک۔ پہلے کاسٹک نقرہ کو پانی میں حل کریں۔ پھر حسب ضرورت گیرو۔ کاجل یا کوئی رنگ ملاکر لکھو تحریر پختہ ہوگی۔ اور دھلونے سے نہ ہٹیگی۔

رُوپہلی سیاہی

بازار سے سفید بُرادہ یا پوڈریہ خریدیں اور گوند کے پانی یا سیاہی لیکر کو پر سفید برادہ پھیر دو۔ نقرئی یا روپہلی عمدہ سیاہی تیار ہو جائیگی

کتابیں ملنے کا پتہ گرگ اینڈ کو توک کتنجانہ کھاری باؤلی دہلی۔

سرخ سیاہی

سنگرف جسقدر چاہیں لیکر پانی ڈالکر گھول لیں۔ اور تھوڑی دیر ٹھیرین اوپر زرد رنگ کا پانی آجاویگا۔ یہ پانی نتارلیں اور خوب یہ پانی نتارلیں بعد خوب کھرل کریں۔ پھر برابر وزن کیکر کا گوند ملاکر خوب حل کریں۔ نہایت نفیس سیاہی ہوگی۔

لاجوردی سیاہی

لاجورد اور کیکر کا گوند ہموزن لیکر خوب اچھی طرح کھرل کے ذریعہ باریک کرلیں۔ اور بوقت ضرورت پانی میں حل کرکے رکھیں۔

سندھوری سیاہی

سندھور اور کیکر کا گوند برابر لیکر باریک حل کریں۔ بوقت ضرورت پانی میں ملاکر جو چاہیں تحریر کریں۔

ٹائپ کی سیاہی

مہر لگانیکی سیاہی کی طرح پکایا ہوا۔ السی کا گاڑھا تیل ایک سیر گرم کرکے آدھ سیر رال سفید پیسکر ملائیں دس تولہ صابون اور جیت

ضرورت کاجل ملا کر حل کر کے کام میں لاؤ۔

کپڑے سینے والی مشین کے داغ ہٹانا

سلائی کی مشین کو جب تیل دیا جاوے۔ تو بعض اوقات کپڑے پر داغ پڑ جاتے ہیں۔ ان کے مٹانے کیلئے پانی سرد۔ امونیا اور صابن ملا کر اسکی جھاگ داغوں پر لگانے سے کپڑا صاف ہو جاتا ہے۔

روغن جو کتاب کی جلد کو چمکا دے

رومی مصطگی۔ تارپین کا تیل۔ السی کا تیل۔ اول رومی مصطگی اور السی کے تیل کو آگ پر پکائیں جب حل ہو جاوے تو اتار کر تارپین کا ڈال کر خوب ملاویں۔ کہ پتلا سا روغن بن جاوے۔
جس رنگ سے رنگین کرنا ہو وہ ملا دیں چمڑے پر لگانے سے چمڑا چمکیلا ہوگا۔ روغن گاڑھا ہو تو تارپین کا تیل مزید ملائیں۔

سرخ یا سیاہ لاکھ

رال ۵ تولہ۔ لاکھ ۲ تولہ۔ ولیسی ٹرپنٹائن ۵ تولہ سب کو ملا کر گرم کریں۔ اور اتنا ہی شنگرف یا سیاہ ڈالیں۔ یہ سیاہ لاکھ بن جائیگی

اگر سیاہ کی بجائے سرخ بنانی ہو۔ تو اتنی اتنی گیری ڈالیں۔

باور اور کانچ جوڑنے کا عجیب مصالحہ

دہی کو بالائی سے صاف کرو۔ پھر کپڑے میں باندھکر لٹکا دو کہ تمام پانی ٹپک جاوے۔ اور پنیر کی طرح چکنا بنجائے۔ پھر ایک بھاری سل پر اَن بُجھا چونہ کا سفوف بچھا کر اس پر پنیر کے پتلے پتلے قتلے رکھکر اوپر بھی چونے کا سفوف ڈھکدیں۔ اور اوپر بھاری سل رکھدیں آٹھ روز کے بعد نکال کر صاف کریں۔ پھر اسیطرح نمک کے ڈلیوں میں دیکر بوجھہ کے نیچے دبائیں۔ پھر تین روز بعد نکال کر سُکھا کر باریک کریں یہ سفوف ایک نہایت عجیب مصالحہ ہے۔ استعمال کے وقت چونہ کے زلال میں گھولکر لئی بنائیں اور شکستہ میں لگا کر سکھالیں۔ چونہ کا زلال اس طرح کے چونہ کو چوگنا پانی میں گھول تہ سے حل کریں۔ اور اس کا پانی نتھار کر کے رکھیدیں یہی زلال ہے

گلاس یا آئینہ پر نقاشی

گلاس یا آئینہ پر نقاشی کرنے یا عبارت لکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ جس چیز پر جو لکھنا ہو اس پر موم پگھلا کر لگا دو۔ اور خشک ہونیکے بعد عبارت یا پھول بیتے جو چاہو۔ بنالو۔ اور فلورک ایسڈ نقشوں میں بھر دو کچھہ عرصہ بعد موم صاف کردو نقش قائم ہو جائیں گے۔

دودھ سے بالائی زیادہ اتارنا

دودھ کو گرم کرکے اس پر تھوڑا سنگھاڑے کا آٹا ڈال دیجے جاوے۔
اور ہلا کر تھوڑی دیر چھوڑ دیں۔ بالائی بکثرت اتریگی۔

فوراً دہی جمانا

دودھ میں دوچار قطرے گندھک کے تیزاب کے ڈالیں چند
ہی منٹ میں فوراً دہی جم جاویگا۔

دافع مچھر

گندھگ چھہ ماشہ کافور تین ماشہ کو یا ریک بیس کر اسکا ایک
سفوف سا بنالیں بعد میں دھونی کے طریقہ سے کام میں لیں۔
مچھر کافور ہوجائیگا۔

دیمک کا دفعیہ

ذیل کی دوائیوں میں سے جو میسر آوے تگنے پانی میں ملا کر
استعمال کرو۔ دیکھتے دیکھتے تمام دیمک کا صفایا ہے۔

شراب کی عادت چھڑانا

انگور کا رس پاؤ بھر - پان کا رس آدھ پاؤ - گورکھ چھوہارہ ۵ تولہ مصری ولیسی آدھ سیر کو جوش دیکر قوام پکاؤ - اور چھان کر بوتل میں رکھ لو - نہایت عمدہ مفرح شربت دافع شراب ہے خوراک صبح - دوپہر شام ہر دفعہ تین تولہ - ۱۵ تولہ پانی -

ڈاڈکی اکسیر دوا

جو کیا سہاگہ - نوسادر ہم وزن لیکر کسی چینی کے پیالے میں باریک پیسکر رکھو - اور بکری کے دودھ میں حل کر کے رکھ لو - دن میں کئی دفعہ اوپر مل دیا کرو

کھٹملوں کا بائیکاٹ

صابون کو پانی میں حل کرکے گاڑھا گاڑھا جا - پائی ہاء و ہر جگہ کھٹمل ہوں چھڑک دو -

مہاگنی رنگ

اکسیلک ایسڈ ۱ اونس - بسمارک براؤن ۵ اونس دونوں کو پانچ گیلن پانی میں ڈال کر کام میں لاؤ -

بوتل کا مشل آگ کے معلوم ہونا

بوتل سفید رنگ کی لیکر اوسمیں آدہا اونس فاسفورس ایک پونڈ پانی ان دونوں کو ڈالکر دہوپ میں رکہو جسوقت پانی گرم ہو جائے اوٹہالو جہاں اندہیرا ہو رکہکر دیکہیے مشل آگ کے معلوم ہوگا مگر ڈاٹ سے طرح سے بند کرو کہ ہوا داخل نہو بلکہ لاکہہ وغیرہ سے بند کرنا بہتر ہے۔

ایلومنیم دھات کے برتن صاف کرنیکا طریق

۳۰ رتی سُہاگہ پاؤبھر پانی پکاؤ۔ اور اس میں تیسرا حصہ نوسادر ملاؤ پھر اس مرکب کو خوب ہلاکر بذریعہ برش کے لگاؤ۔ اور صاف پانی سے دھوکر خوب مانجھو۔ برتن چمکدار نکل آئیگا۔

کپڑے سے تیل دور کرنا

قدرے ایمونیا ۲ حصہ پانی میں ڈالدیں۔ جب گل جائے تو پانی کو تیل کے موقعہ پر اس سے ملیں۔ اور ایک جاذب کاغذ نیچے اور ایک اوپر رکہکر لوہے کو گرم کرکے آہستہ سے پھیریں اسی ترکیب سے تمام روغن جاذب ہو جائیگا۔ ریشمی۔ سوتی۔ اونی کپڑا سب قسم کا صاف ہوگا۔

پرندون کا بیہوش کرنا

پانی ہینگ اور دہتورہ کا عرق ان سبکو ملاکر گندم یا چاول کو تر کر کے خشک کر لو پرندون کو کہلانے سے بیہوش کرتا ہی۔

چہرے کے سیاہ داغ

چنے کا آٹا خشخاس۔ تخم مولی بوزن مساوی لیکر بطور ابٹن استعمال کریں جب خشک ہوچلے۔ اس کے بعد انگریزی نیمگرم پانی منہ صاف کر لو

بچون کی کہانسی

ارد میٹھی تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلان ایک تولہ۔ نوسادر تین ماشہ۔ مصری ۴ تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک ۲ ماشہ دن میں دو دفعہ استعمال کریں بنہایت مفید ہے۔

کبہی چراغ گل نہو

فاسفورس کو باریک کر کے روئی کی بتی کے بیچ میں لگاؤ یعنی جا ددن

طرف روی ہو نیچ مین فاسفورس پس ایک دفعہ روشن کرنے سے کبھی گل نہوگا
بسرحیکہ تیل رہے۔

مصنوعی لوہے کا تانبہ

طوطیا کے عرق میں لوہا ڈالنے سے مثل تانبہ ہو جاتا ہے۔

سوراخ بند کرنا

کپڑے کو صابون کے پانی مین دہو کر اوپر سے پھٹکری کا سفوف ڈالو
پس سوراخ بند ہو جاوینگے۔

کتاب کے ورقون پر گلٹ کرنا

اول شکنجہ میں کتاب کو دباکر اوسکے ورق صاف کرو بعد صاف ہونیکے
جبریلی و معری لگاکر ورق طلا یا نقرہ اوسپر چسپان کرو پھر لوہا مثل ہتوڑہ کے گرم
کرکے اوسپر پہیرو اسطرح کرنے سے گلٹ ہو جاوے گی

شیر خوار بچون کیلئے

یہ سفوف نہایت مفید ہے۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ سفوف بریاں
ایک تولہ۔ دار چینی ایک تولہ۔ نوسادر بریاں ۳ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ

مصری ۸ تولہ - سفوف بنائیں - خوراک ۳ ماشہ دن دو دفعہ - یہ نہایت مفید ثابت ہوئی ہے -

شیر خوار بچوں کیلئے

کیلسیم سلفائیڈ آدھی رتی ہمراہ شہد خالص ایک تولہ - ملاکر کہلیں اور انگلی سے چٹائیں -

تسہیل ولادت

ہیرا مسور کے برابر - ہینگ کوڑی کے برابر قند سیاہ میں لپیٹ کر نگلا دیں دس پندرہ منٹ کے اندر بچہ با آسانی پیدا ہو جاوے گا - نیز اگر گھونگچی سرخ قند سیاہ میں لپیٹ کر کہائیں - تو بہت ہی آسانی سے بچہ پیدا ہوگا -

زندہ کرلے کی ترکیب

گرم پانی اوسکے منہ میں ڈالنے سے ہوشیں آجاتا ہے یعنی زندہ ہوجاتا ہے

بوتل کا پانی پینا

اول ایک پلیٹ میں پانی بہر دیگر اوسکے درمیان میں موم کی بتی روشن کرو ایک بڑے سر کی بوتل اوس بتی کو بیچ میں لیکر ڈھاک دیں تمام پانی بوتل میں آجائیگا -

عورتوں کی جریان رطوبت کا مجرب سفوف

اسگند ناگوری ۱۰ تولہ ۔ رمل کے پھول چینی خشک ۶ تولہ ۔ گوند ہمری یعنی پھلاہی ۳ تولہ ۔ گوند کو گھی میں بھون لیں ۔ پھر تینوں کو کوٹ کر ہموزن کھانڈ میں ملا کر سات سات ماشہ کی پوڑیہ بنائیں ۔ ایک صبح کو اور ایک رات سوتے وقت نہایت مجرب و مفید ہے ۔

مستورات کی رطوبت وافر کا علاج

مازو سبز ایک تولہ ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ ۔ کتھ ایک تولہ ۔ گل آنار ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر بقدر ایک ماشہ سافہ کرنے سے چند روز میں آرام ہو جائیگا ۔

عورتوں کا پیٹ بڑھ جانا

ایلوا چار رتی شہد ایک تولہ ملا کر بعد میں غذا کھانے سے آرام ہوگا ۔

پستانوں کا ڈھلکنا

ملک مخلوط رتی ۔ زیرہ کرمانی خستہ بخر یا سوختہ مساوی سرکہ میں پیسکر گرم ضماد کریں ۔ اور پستان بند سے ۴ گھنٹہ تک شکم باندھے رہنا چاہیئے ۔ تیس روز کے عمل سے پستان سمٹ جائینگے اور سخت ہو جائیں گے

کتابیں ملنے کا پتہ ۔ گرگ اینڈ کو تھوک کتب خانہ کھاری باؤلی دہلی

حب مدر حیض یا فیملی پلز

مستورات کی ماہواری تکلیف ایام حیض کی بیقاعدگی۔ دوران حیض درد ہونے وغیرہ وغیرہ کے لئے نافع ہیں۔

نمک سلیمانی

جو پرانی بدہضمی کے لئے مفید ہے۔ لیموں کا چھلکا ۵ تولہ۔ اور سہانجن (سوہانجنا) کا چھلکا ۵ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ گلو کے پتے ۵ تولہ گھیگوار کا گودہ ۱۰ تولہ۔ نمک لاہوری ۳۲ تولہ۔ سب کو جلا کر کپڑے پر ڈال کر اوپر پانی ڈالیں۔ اور پھر اسکو سکھائیں۔ جو نیچے رہے وہ نمک سلیمانی ہے۔ اور کل امراض معدہ کو مفید ہے۔

سرمہ برائے پڑوال چشم

نیلا تھوتھہ بریان ۴ رتی۔ سرمہ سیاہ ۴ ماشہ۔ کیکر کے کوئلے ۴ ماشہ نیم کے کوئلہ ۴ ماشہ۔ ہیلہ سیاہ سوختہ ۴ ماشہ ہیلہ زرد کی گٹھلی سوختہ ۴ ماشہ سب کو رسونت کے مقطرہ ۵ تولہ پانی میں کھرل کرکے خشک کردیں پھر سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائیں۔ لیکن آنکھوں میں لگانے سے پہلے بال موچنے سے نکلوا دو۔

حب قبض کشا

دائمی قبض کو مفید۔ امراض معدہ۔ جگر۔ دماغ وغیرہ کو نافع ہے۔ سقمونیا ۲ ماشہ۔ سہاگہ کالا ایک تولہ۔ تخم حنظل ایک تولہ۔ ریوند ختطائی ایک تولہ۔ تربد ڈیڑھ تولہ۔ برگ سنا ۹ ماشہ۔ ریوعصارہ ۲ ماشہ۔ ان سب کو یک کرکے نخود برابر گولیاں بناکر۔ دو گولی بوقت خواب پانی سے۔

بوتل کا خودبخود ٹوٹ جانا

ایک سفید بوتل باریک لیکر ایک زور سے ڈاٹ بند کرو تاکہ ہوا نہ جائے پس اوسکو پانی میں ڈبھونے سے ٹوٹ جائیگی۔

امرت دھارا

کافور ایک تولہ۔ اجوائن کاست ایک تولہ خشک پیپرمینٹ ایک تولہ ست پودینہ۔ ان سب کو ایک شیشی میں ملاکر دہوپ کے سامنے رکھہ دیں تیل بنجاویگا۔ سوء ہضم درد شکم۔ بلغم ہیضہ۔ دردسر وغیرہ ہزارہا بیماریوں کے مفید ہے۔ کان میں نہیں ڈالنا چاہئیے۔

بغل گند

لونگ ۱۰ عدد۔ کافور ایک ماشہ۔ روغن صندل ایک ماشہ ہر چیز کو باریک پیس کر چھان کر ۱۶ تولہ پانی میں جوش دیکر اس روغن کی مالش کرکے ۲ گھنٹہ بعد دھو دیا کریں۔ ۷ دفعہ لگانے کے بعد آرام ہوگا۔

نسخہ بزدلی

ہلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ ہلیلہ ۲ ماشہ۔ آملہ چھ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ فلفل سیاہ ایک ماشہ۔ اسگندھ ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ عدد۔ ورق طلا ۱۰ عدد۔ کشتہ فولاد ۲ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ کر تین تولہ بادام روغن میں تر کرکے ورق اور فولاد کو شہد میں کھرل کریں۔ شہد اسقدر ڈالیں کہ گلقند کی مانند ہو جاوے۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ دودھ گائے۔ بہادروں کے قصے پڑھنا اور سننا چاہیئے۔

ناک سے چھلکا نکلنا

روغن کدو ۵ تولہ کو گرم کرکے اس میں گلیسرین ۲ تولہ۔ موم ۲ ماشہ ملاکر خوب ہلاؤ۔ رات کو سوتے وقت ناک کے دونوں نتھنے میں ایک دو قطرے ٹپکا دو۔ چند روز میں آرام ہوگا۔ گاؤزبان و مصری ملاکر پینا۔ کدو یا حلوا کدو پکا کر کھانا۔ میٹھے کی مٹھائی کھانا بہت فائدہ مند ہے۔

جبوب برائے جملہ امراض چشم

سرمہ ۲ تولہ۔ پھٹکری ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ نوسادر ۱ ماشہ کشتہ جست ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھہ بریان ۴ رتی سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت یہ بنی یا صفا سل پر عرق گلاب سے گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں نہایت فائدہ مند ہے۔

سخت بلغمی کھانسی کے لئے

جوا کھار ۱ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ برگ پان ۳ تولہ۔ آک کا تازہ دودھ ۳ تولہ۔ نمک سانبھر ۶ ماشہ۔ برگ بانسہ خشک ۲ تولہ۔ برگ بانسہ ۵ تولہ پانی میں چار پہر بھگو کر پکائیں پھر ملکر نگدار پانی کپڑ میں چھان کر کے ٹھراویں جب ٹھر کر صاف ہو جائے نتھار کر پانی میں باقی سب دوا کو کوٹ کر ملادیں جب ٹھہر کر صاف ہو جائے چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور استعمال کریں۔

درد زانو

صابن دیسی۔ سوہجان۔ خاکستر اوپلہ صحرائی۔ برگ حنا۔ استخوان سوختہ انسان گھوٹ کر گرم کر کے زانو ضماد کریں۔ سوہجان شیریں ۲ تولہ۔ سنا مکی ایک تولہ۔

نسخہ تپ لرزہ

کشتہ گاؤ دنتی ۲ حصہ رخ - پھٹکری کی بھریاں کو باریک پیسکر ۳ رتی سے ایک ماشہ تک شکر کے ساتھ ۲ گھنٹہ پہلے دینے سے تپ لرزانہ ہوگا - مگر ایک دو گھنٹہ پانی نہ دیں - پیاس ہو تو دودھ پلائیں -

ہیضہ کا آسان علاج

سفنگ ۴ تولہ - ست پودینہ ۴ رتی - تیزاب گندھک ۲۰ بوند - گہسلدار گوندا ۲ تولہ - الائچی خورد ۳ ماشہ سب کو باریک پیسکر بقدر مرچ سیاہ کے گولیاں بنائیں ہیضہ کے مریض کو پندرہ پندرہ منٹ بعد ایک ایک گولی سوڈا واٹر یا سونف سے دیں - مجرب ہے -

نسوار برائے درد شقیقہ

کنیر کے پتے ۲ ماشہ - کافور ۲ ماشہ - ان سب کو کھرل کریں جس طرف درد ہو - اس کے دوسری طرف نسوار لیں - آرام ہو جائیگا -

لال پھول کو سفید کرنا

لال پھول کو گندھک کا دھواں دینے سے سفید ہو جاتا ہے -

سانپ کاٹے کی دوا

سنگرف ایک تولہ - بلاور ۱ تولہ آک کا دودھ ایک سیر سب کو کھرل کر کے خشک کریں پھر کسی آتشی شیشی میں ڈال کر عرق نکالیں - یہ روغن کا سا عرق ہوگا جب کسی کو سانپ کاٹے زخم پر دو چار قطرے فوراً لگادیں - اور کبھی بلادیں - کھرل کرتے وقت ہاتھوں اور آنکھوں کو دوا نہ لگے

ایضاً

آک کی جڑ کا پوست - مرچ سیاہ ہر ایک تولہ - خوب باریک کر کے آب ادرک سے کھرل کریں - کہ گولی بنانے کے قابل ہو جاوے اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں - مرض کی حالت میں ہر دو گھنٹے کے بعد دینے سے قریب المرگ حالت کو پہنچا ہوا مریض صحت یاب ہو سکتا ہے -

مصنوعی موم

جیلی پیٹرل ایک سیر - پیکرین آدھ سیر زرد رنگ ملا کر حل کر دیں پس اسکو جما لو مگر یہ موم صرف کھیل وغیرہ کے بنانے میں کام آ سکتا ہے -

ایضاً

سندرس ایک تولہ - اجوائن خراسانی ۶ ماشہ - کونین ایک ماشہ ملا

کے ہمراہ گولیاں بقدر نخود بنالیں وقت بخار سے ایک گھنٹہ قبل ہر پانی کے ہمراہ گولیاں بقدر نخود بنالیں وقت بخار سے ایک گھنٹہ قبل
یہ گولی استعمال کریں بچے کیلئے ایک۔

کان کے درد کی دوا

برگ سہو ہر کو نیم گرم کر کے پانی نچوڑ کر کان میں ڈالیں۔ بعد میں روئی باندھ دیں۔

کرم دندان

نوشادر۔ عاقر قرحا۔ کالوتر۔ افیون پیس کر گولی بنا کر سوراخ میں رکھ دیں۔ کرم دور ہو کر درد کو آرام ہوگا۔

کرم داڑھ

نوشادر دیسی ایک تولہ۔ پھٹکڑی سرخ ایک تولہ۔ نمک سیاہ ایک تولہ مرچ ایک تولہ۔ بھنگ ۲ ماشہ۔ تخم ستیاناسی خشک ۲ تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔ اور کرم والے دانت کو مالش کر کے منہ نیچے کر دیا کریں۔

شب کوری

نرگس ۴ عدد۔ فلفل سیاہ ۷ عدد۔ بے قلعی مستی برتن میں لڑکی والی عورت کا شیر ڈال کر مسی کٹورے سے رگڑیں۔ انکو آنکھ میں ڈالیں

پیپر منٹ بنانا

ہرا پودینہ کا رس سیر بھر۔ شورا سفید سیر بھر۔ نوسادر ڈیڑھ تولہ۔ کپور ۱۰ تولہ۔ اِن سب کو باریک پیسکر پودینہ کے رس میں ڈال پھر سب کو ایک چینی کے برتن میں ڈال کر اُسی طرح کے برتن سے اوپر سے ڈھکر ملتانی سے بند کردو۔ پھر اُسکے نیچے ہلکی ہلکی آگ جلاؤ اوپر کے برتن میں جو چیز رہیگی وہی پیپر منٹ ہے۔ اِس آلہ کے ڈھکن کے گیلا کپڑا ڈالے رکھو۔

برتن جوڑنیکی لاکھ بنانا

چپڑا لاکھ ۲ تولہ پھٹکری سفید دو تولہ۔ آگ پر گرم کرکے ملاؤ۔ چینی یا شیشہ کے برتن جہاں سے ٹوٹا ہو گرم کرکے لگالو۔ برتن بہت مضبوطی سے جوڑ جائیگا۔

گورے وخوبصورت ہونیکی دوا

ولسلین ۲ تولہ۔ اصلی موم ایک تولہ۔ موم کو گلا کر ولسلین میں ملادو۔ پھر اُس میں حسب ضرورت گلاب لیونڈر وغیرہ کی تھوڑی خوشبو ملاؤ۔ اِس کو منہ پر لگانے سے منہ خوبصورت ہو جائیگا۔

بال کو گھونگروالے بنانا

کوئی دوا اونس پانی میں چھ ڈرام کمیندر کانت ۲۴ گھنٹے تک بھگو دے پھر کپڑے میں چھان کر چھ اونس اوبر پروف اسپرٹ ملا دیں۔ اور کاگ لگا کر بوتل میں رکھئے۔ اس دوا کو بالوں کو کنگھی سے کاڑھ کر اور ہاتھ سے گھونگر والے کرکے اوپر سے لگا دینے سے بال گھونگر والے بن جاوینگے۔

نمک کا کٹورا بنانا

نمک اور گاجر کے بیج خوب گھوٹ کر کچے مٹی کے گلاس میں خوب اندرونی حصے میں لیپ کرو۔ بعد میں دھوپ میں سکھاؤ۔ پھر پیلے رنگ کے ہنڈے کو ایک برتن میں بھگو دو۔ اور اس گلاس کو اس پانی میں ڈال دو۔ مٹی کا گلاس گل کر نمک کا رہ جاوے گا۔

گندھک کا گلاس بنانا

مٹی کے دو کچے گلاس بناؤ۔ پھر ان دونوں کا منہ پتھر سے گھس لو تاکہ آپس کی جھری بند ہو جاوے۔ پھر ایک گلاس میں اصلی گندھک رکھکر دوسرا گلاس لگا کر اسطرح بند کر دو کہ ہوا آنے جانے نہ پائے پھر اسکے نیچے آنچ جلاؤ۔ پھر تو پورے گلاس میں گندھک جم کر گلاس بن جاویگا۔

تمباکو ملالیں۔ یہ ہی گولیاں دانتی ہیں۔

بنارسی تمباکو کی گولیاں

کپ الا تمباکو کے پتے ایک سیر۔ پانی دو سیر۔ ان دونوں کو مٹی کے برتن میں دو دن تک بھگو کر پھر پتے کو نکال لو مگر ایک روز بعد پانی کو کڑھائی میں ڈال دو۔ بعد میں پانی کو خوب جوش دو۔ پانی آدھا رہ جائے اور گاڑھا بن ہو جائے پھر اتار کر اس میں الائچی۔ لونگ۔ جائے پھل۔ جاوتری۔ کیسر۔ کستوری۔ بیسکر ملا دینی چاہئے۔ اسکے بعد تھوڑا تھوڑا کیوڑا۔ گلاب۔ پانڑی۔ مشکی حنا کا عطر ڈال کر آدھا پہر ہلکی آگ دو۔ گاڑھا ہونے سے گولی بنالو۔

خمیرہ تمباکو بنانا

رشیدی تمباکو کو آگ پر رکھ کر جوش دو جب جوش آوے تب اتار کر برتن میں بھر کر منہ بند کر کے رکھ دو۔ کچھ روز میں خمیر اٹھ آویگا تب اس میں ... چھیلا۔ کیوڑہ کھیرنی۔ الائچی۔ اگر۔ تگر۔ چندن پانڑی ان سب کو خوب چھان کر ملانا چاہیئے۔

استرا تیز کرنے کا مرہم

نمک۔ کسیس برابر ہموزن بند برتن میں گرم کریں۔ پیس چھانکر چربی ملائیں۔

ہینگ بنانا

اول ایک سیر دودھ کا کھووا بناؤ۔ پھر اس میں ایک تولہ نیمولی ایک تولہ بیسن۔ دو تولہ ہینگ اصلی۔ ان سب کو باریک پیسکر کپڑے میں چھان کر اس کھوے میں ملا کر گھی سے جلاؤ۔ پھر اتار لو۔ اور شکل بناکر کام میں لاؤ۔ یہ ہینگ بہت بڑھیا ہوگی۔

کستوری بنانا

چندن لال۔ جاوتری۔ جائے پھل۔ اکرکرا۔ لونگ۔ ناگرمو تھا۔ شلاجیت اصلی۔ چندن سب ان سب کو ایک ایک ماشہ خوب باریک پیسکر کپڑ چھن کرکے ایک چھٹانک عرق گلاب میں خوب گھوٹو۔ یہاں تک کے خوب گاڑھا ہو جاوے۔ پھر اسکو تختی پر رکھکر سایہ دار جگہ میں سکھا لو۔ خوب سوکھ جانے پر اس میں چھ ماشہ۔ اصلی مشکی حنا اور ۱ ماشہ۔ اصلی کستوری ملاکر نافے میں بھر کر رکھدو۔ کستوری تیار ہے۔

کیوڑا اصلی جیم سینٹ

کیوڑہ کھری ۶ ماشہ - لونگ ۶ ماشہ - جائے پیل دکھنی ۶ ماشہ - جاوتری ۶ ماشہ - بیٹھانی لونگ ۶ ماشہ - الائچی چھوٹی ۶ ماشہ - بال چھڑ ۶ ماشہ چھار چھیلا ۶ ماشہ - پانڑی ۶ ماشہ - کیسر اصلی ایک تولہ - کستوری اصلی ۲ ماشہ کیوڑہ ۱۰ تولہ - ان سب کو امام دستے میں کوٹ کر کپڑچھن کر لو پھر کھرل میں ڈال کر کے عرق میں ٹکی باندھلو - پھر ڈرم دنیستر میں بھر کر اس کا ست کو نکالو - -

نقلی تانبا بنانا

جو چیز نقلی تانبے کی بنانی ہو اس کو لوہے کے بنوا لو - اور کیسی برتن میں نیلا تھوتھا پانی میں گھول دو - اگر ضرورت پڑے تو تھوڑا پانی کو گرم کر دو اس گھیلے ہوئے طوطیے میں لوہے کی بنی چیز کو ڈبو دو - ۱۰ منٹ کے بالکل تانبے کی ہو جائیگی -

افیم کا زہر اتارنا

افیم کھا لینے کے تھوڑی دیر بعد اگر اس آدمی کو تھوڑا سا ہینگ پانی گھول کر پلا دو تو نشہ ایک دم اتر جائے گا اور زہر کا کچھ بھی اثر نہ ہوگا -

چاندی کی بھسم بنانا

چاندی کے بھسم کے واسطے اچھی چاندی کی ضرورت ہے۔ کھری چاندی بہت کم ملتی ہے اسلئے بھسم کے واسطے معمولی طور پر نانک شاہی روپیہ یا کوئی نوابی روپیہ لینا چاہیئے۔

سفید کنیر کے پھولوں کو لیکر اسکو کچل کر رس نکالو۔ پھر اس میں ان روپیہ کو گرم یعنی سرخ کر کے ۲۰ بار بجھا کر پھر خراسانی اجوائن پیسکر الگ گمچہ میں رکھکر کپڑ مٹی کر لو۔ اور ایک گڑھے میں ڈیڑھ من کے قریب اپلے بھر کے آگ لگا دو۔ لیکن آگ لگانے سے پہلے اس گولے کو بالکل بیچ میں رکھ دو چوبیس گھنٹہ تک جلنے کے بعد جب ٹھنڈا ہو جائے نکال کر اوپر کی پپڑی علیحدہ الو۔ باقی کو کھرل میں ایک ہفتہ متواتر پیسو پھر بھسم تیار۔

بچھو کا زہر اُتارنا

جمال گوٹے کے بیج اور ہینگ پانی میں گھسکر لگانے سے آرام ہوگا یا نیبون یا سوم حقہ میں پلا دیں۔ ایسے موقع گھی کا استعمال کرنا فائدہ مند ہے

بیروزہ وارنش

بیروزے کو ہانڈی میں بھر کر اتنا پکاؤ کہ اُس کا تار تار چاشنی کی طرح بندھنے لگے۔ تب اتار کر ٹھنڈا کر لو۔ رنگنے کے وقت مٹی کے تیل میں حسب ضرورت رنگ ملا کر اس میں ڈال دو۔ وارنش تیار ہو جاوے گی۔

جرمنی پالش

لاکھ دس تولہ۔ منڈرک دس تولہ۔ الکوحل ۳۰۰ تولہ۔ لاکھ سنڈرک کو باریک پیس کر الکوحل میں ملاؤ۔ گل جانے پر چھان کر رکھ لو یہ چمکیلی ہوتی ہے۔

تصویر کی وارنش

دس تولہ مصطگی ۳۰ تولہ تارپین کے تیل میں گلا دیں یہ وارنش تیار ہے

امبر وارنش

امبر ۲ تولہ۔ گندہ بیروزہ ۲ تولہ۔ تارپین تیل ۳۰ تولہ۔ پہلے امبر کو پگھلا کر چھون لو۔ پھر بیروزہ تیل ملاؤ۔

برتن میں قلعی گلٹ کرنا

کو خوب ملا کر پیس لو۔ اور کپڑ چھان کر الگ الگ رکھ چھوڑو۔ جب کسی برتن میں قلعی گلٹ کرنا ہو تو اس برتن کو خوب صاف کر کے اوپر کی دوا کو اس برتن کے اوپر ڈالکر ہاتھ کے انگوٹھے سے خوب ملو۔ ملتے ملتے تھوڑی دیر میں برتن بالکل چاندی جیسا ہو جاوے گا۔

قلعی کرنا

اول جس برتن میں قلعی کرنی ہو۔ اس میں تھوڑا گلا ہوا کنکر اور ریت اور تھوڑا پانی ڈال کر اس برتن کو خوب رگڑ کے گرم کر لو بعد میں پکا ہوا نوشادر اس گرم کئے ہوئے برتن پر لگا کر رانگ لگا دو۔ اور ایک روئی کے گالے سے کل برتن کے اوپر ہاتھ پھیر دو بس رانگے کی قلعی چڑھکر تیار ہو جاوے گی۔

منجن بنانا

کالی مرچ۔ انار کے چھلکے مونڈ چھٹا کے بیج۔ آم کی گٹھلی جلی ہوئی بادام کے چھلکے جلے ہوئے۔ کتھا۔ سپاری جلی ہوئی۔ الائچی خورد۔ لونگ

اقرکرا۔ مصطگی رومی۔ ماجوپھل۔ سفید پھٹکری ان سب کو برابر لیکر ہاون دستے میں کوٹ کر چھان لو بعد میں عطر کیوڑہ اور گلاب جتنا ملا کر شیشی میں بھر لو۔ اسکے لگانے سے دانت صاف اور مضبوط ہونگے۔

وارنش

وارنش بنانا

کوپال وارنش (رال کی وارنش) امریکہ ملک کے کوپل بودھے کا گم (گوند) ۸ پونڈ اسکا پھیوز کر لو۔ اور کسی چمکیلی کڑہائی میں ڈال کر آگ چڑہاؤ جب وہ پگل جائے تب اُس میں دو گیلن السی کا تیل ڈالی کر پھر گرم کرو۔ تارپین کا تیل تین ۳ گیلن ملا کر گرم کرکے اُتار لو۔ یہ وارنش بہت بڑھیا ہوگی۔

گاڑی کی سیلی وارنش

امریکہ کی کوپل ۸ پونڈ۔ کلیسری فاڈسی آئیل ۲½ گیلن پہلے ان کو خوب گرم کرو۔ بعد میں رکسس ½ پونڈ مرداسنگ ¼ پونڈ تارپین ۵½ گیلن شگر لیڈ ½ پونڈ۔ گم انامیم ۸ پونڈ ان سب لو پھر گرم کرو پھر کام میں لاؤ۔ صفحہ ۵۹ پر نوٹ ضرور ملاحظہ ہو۔

(نوٹ) :- گرمی کے موسم میں ۴ گھنٹہ اور سردی میں ۶ گھنٹہ آگ پر رکھو۔

لکڑی کے سامان کی وارنش

سنگرف ۴۰ حصہ سلاکھ ۶۰ حصہ۔ ان دونوں کو ملاؤ۔ رال ۱۲۰ حصہ۔ اسپرٹ آف وائن ۵۰۰ حصہ پھر سب کو بونس تارپین ۱۰۸ حصہ کے ساتھ ملاؤ اور کام میں لاؤ۔

چمڑے کی کالی وارنش

لاکھ ۱۲ حصہ۔ تیل تارپین سفید ۵ حصہ۔ سنگرف گوند ۲ حصہ۔ لیمپ کا کاجل ایک حصہ۔ تارپین کی سنتھی رشت چار حصہ۔ الکوحل ۹۶ حصہ ملا کر چمڑے پر لگا کر ہلکے ہاتھ سے ملو۔ خوب چمکیگا۔

مٹی کے برتن کی وارنش

سوڈا، کانچ دونوں کو برابر لیکر باریک پیسو اور آگ پر خشک کر لو اور گرم گرم برتن پر چھڑکو۔ خوب چمکاؤ۔

ٹین کی وارنش

لاکھ ۴ حصہ۔ مینیم ایک حصہ کاجل لیمپ ایک حصہ تیل تارپین ۱۵ حصہ ان سب کو ملا کر ٹین لگاؤ۔

لوہے کی سنہری وارنش

السی کا تیل ۹۰ حصہ، تارپین ۶ حصہ، انڈے کا لوک ۶۰ حصہ، الوہ ۱۵ حصہ، کیسر ۱/۲ حصہ، ہلدی ۱/۲ حصہ ان سب کو ملا کر کام میں لاؤ۔

مشینوں کی وارنش

کالی رال ۲۵ حصہ، سانپ کا تون ۵ حصہ، شیرہ روئی بند گٹا بارچہ ۶ حصہ، لاکھ ۱۰ حصہ، ڈولیٹ آئیل ۳ حصہ، تار آئیل ۱۰۰ حصہ ان سب کو ملا کر برش سے لگاؤ۔

مہاگنی وارنش

لاکھ ۵ء۱۷ اونس۔ الکوحل ۲۰۲ دونوں کو ملا کر بنالو۔ بہت بڑھیا وارنش تیار ہوگی۔

لکڑی کی فرینچ پالش

لکڑی دانش تولہ۔ لوبان ۴ تولہ۔ سنڈرک چار ۴ تولہ۔ رال چار تولہ۔ اسپرٹ ۴۶ تولہ۔ اسپرٹ لاکھ کے پترے اور چیزوں کا چورن کرلو۔ پھر کارک لگا کر تیس روز گرم جگہ میں پڑا رہنے دو۔ سب چیزیں گل کر مل جائینگی۔

کتے کا زہر اتارنا

پاگل کتے کے کاٹنے کی جگہ پر کچلہ لگا وے۔ از حد مفید دوا ہے۔
یا مرغی کی بینٹ کا لیپ کرے۔ بعد میں جلاب بھی از حد مفید ہے۔

بجلی کا تعویذ بنانا

تانبا اور جستہ کے تار ملا کر مخمل کے اندر لپیٹ کر سی دو۔
اسی سے بجلی کا اثر پیدا ہوویگا۔ بچوں کو پہنانے سے دانت بہت آسانی سے نکل آتے ہیں۔

آگ سے جلنے کی دوا

ناریل کے تیل میں چونے کو ملا کر لگانے سے آرام ہوتا ہے یا آک کا دودھ اس جگہ لگا دو۔ تو آبلہ نہ پڑے۔ لیکن چونا اتنا ہو کے تیل زیادہ گاڑھا نہ ہو۔ اسکو کپڑے پر لگانا چاہیئے۔

گلٹ کرنا

دال چکنی ۲ ماشہ۔ چولہے کی راکھ ۲ ماشہ ان دونوں۔

(نوٹ) بقایا مضمون صفحہ ٥٧ پر ملاحظہ ہو۔

پوٹین

السی کا تیل ایک سیر۔ سفید کا شتنگاری پاؤ سیر تیل کو آگ پر چڑھاؤ جب خوب کھولنے لگے۔ تب اس میں سفیدہ ڈالکر گھوٹو۔ یہ سفید پوٹین بن جائیگی۔

سب سے گھٹیا پوٹین بنانا

گوند۔ مٹی۔ سریس کا تیل مٹی سے مُراد ملتانی یا کھڑیا ان کو پیس کر گوند پانی کے ساتھ پیسکر سریس کو گلاکر اس میں ملاکر گھوٹ لو۔ پھر لکڑی کرو اور اس لکڑی کے گڑھے بھر دو بعد میں سکھا کر ریگمال سے صاف کرکے دوبارہ رنگو۔

لکڑی کی دراز بند کرنیکا مصالحہ

چونہ۔ اُوڑد کا آٹا۔ تیل ان سب کو ملاکر لکڑی کی درازیں بھر دو۔ لکڑی یکساں ہو جائیگی۔ بعد میں اُسے رنگ لو۔ لکڑی بہت نفیس ہو جائیگی۔

لال بنانا

بلو ر پتھر کو لال کی صورت میں کاٹو۔ پھر ایک ... پتھر کا برتن ... لیکر اُسے ... لیلے

کی آگ پر گرم کرو پھر اس بلور کے ٹکڑے کو اس میں ڈال کر خوب آگ دو
پھر لے سات بار بھنگرے کے پانی میں بجھاؤ پھر سات بار نوسادر کے پانی
میں بجھاؤ پھر سات بار مجیٹھ کے پانی میں بجھاؤ۔

بلور بنانا

سفید بالو چھنی ہوئی ایک سیر۔ دودھیا سنکھیہ پاؤ بھر۔ سورا قلمی
ڈھائی پاؤ۔ پھر آدھ سیر سب کو گلا کر سانچے میں ڈھال کر تیار کر لو۔

نیلم بنانا

اگزائیڈ آف کوبلٹ ایک حصہ۔ اسٹریس ۸۰ حصہ۔ ان سب کو
پیس کر ہوشیاری گلاؤ۔ نیلم تیار ہو جاوے گا۔

موم بنانا

دیسی موم ایک پاؤ۔ چربی ایک پاؤ۔ ہلدی چار تولہ۔ ان سب کو
ملا کر آگ پر پکاؤ۔ پلجانے پر کٹورہ بنا کر کھلو۔

موم کے پھول بنانا

بمبئی کا موم لیکر آگ پر گلاؤ جب موم گل جائے تب حسب ضرورت
رنگ ڈال کر کسی کیوڑا بیتہ بیل تصویر وغیرہ کے سانچے میں اسکو ڈھال

دو۔ بس جیسا سانچہ ہو گا ویسا ہی موم کی بتی ہو گی چیز بن جاویگا۔

موم جامہ وغیرہ بنانا

اصلی مکھاں کا موم اور تیل تیل لیکر آگ کے اوپر گلاؤ۔ اور گلجانے پر سفید کپڑے کو پانی میں دھو کر گلے ہوئے موم ڈبا کر باہر نکالو اور سایہ دار جگہ سکھا کر کام میں لاؤ۔

پیلا رنگ

پیوڑی۔ ہرتال اور ولایتی رنگ ڈال کر بناؤ۔

الائچی کا عرق

چار تولہ الائچی کے دانے گھس کر ریکٹی فایڈ اسپرٹ میں ڈالکر کاک دار بوتل میں ڈیڑھ روز بھگو کر چھان لیں۔ عمدہ عرق تیار ہو گا۔

خضاب بنانا

نارنگی تیل آدھا حصہ۔ ریکٹی فایڈ اسپرٹ سوا اونس۔ پیروگیلک السیڈ پاؤ اونس پانی ۳ اونس ان سب کو ملا کر بالوں پر لیپ کرو سبال کالے اور ملائم بن جاویں گے۔

پلودینے کا سفری مصالحہ

ہرے بودینے کو سکھا کر سب مصالحہ ملا کر کوٹ چھان کر بڑیا بنا کر رکھ لو سفر میں بہت کام آتا ہے۔

چٹنی منقّہ

منقّہ کو پیسکر اس مصالحہ اور نیبو کا رس برابر ملا کر ایک شیشے کے برتن میں چٹنی کے میں بھر لو۔

سرکہ کی چٹنی

انجور کو پیسکر مصالحہ ڈال کر چاشنی ڈال کر اور سرکہ ڈال کر بنا لو یہ چٹنی بہت ذائقہ دار ہوگی۔

میٹھا رائتہ

سب میوہ اور مٹھائی ملا کر تھوڑی سی کیسری ڈال کر ہینگ لونگ اور ذرا سا کیوڑہ کا گھٹا دیدو۔ رائتہ بن جاویگا۔

اچار کمرخ

اول کمرخ کو چھیلکر اس کے بیج نکالدو۔ پھر اس میں گرم مصالحہ ہلدی دھنیا۔ مرچ وغیرہ ملا کر رائی بگھار کر رکھ دو۔ آملہ۔ لسوڑے وغیرہ کا اچار ہوتا ہے۔ لیکن لسوڑے میں رائی نہ پڑتی ہے۔

کتاب ملنے کا پتہ: گرگ اینڈ کو بھوت نیچا نہ کھاری باؤلی دہلی

آک کے پتوں کا اچار

آدھ پکے آک کے پتے کو خوب جوش دو۔ اور پونچھ کر صاف کر لو۔ اسکے بعد زیرہ سفید سیاہ۔ کالی مرچ لونگ الائچی۔ سونف اور دھنیا نمک وغیرہ ڈال کر پتوں کے دونوں طرف تر اوپر رکھو پھر پتو ڈا سا ان کو عرق ڈالو۔ اچار بہت بڑھیا بن جائیگا۔

آم کی چٹنی

آم ایک سیر۔ ادرک آدھ پاؤ۔ لونگ ایک چھٹانک۔ کالی مرچ چھٹانک بھر لال مرچ ایک چھٹانک۔ دھنیا آدھ پاؤ۔ الائچی ڈھائی تولہ۔ جا ہیل ۳ ماشہ۔ نمک پاؤ بھر عرق نانا سو پاؤ۔ کھانڈ ایک پاؤ۔

ترکیب:۔ آم کو چھیلکر گٹھلی نکال کر صاف کر لو۔ پیچھے سب چیزیں پیسکر کھانڈ کے ساتھ عرق نانا میں ملاکر چٹنی تیار کرو۔

سونٹھ کی چٹنی

سونٹھ ایک تولہ۔ مرچ ایک تولہ۔ نمک ایک تولہ۔ ہینگ ۳ ماشہ۔ زیرہ دونوں ۲ تولہ۔ الائچی ایک تولہ۔ انجور ۲ تولہ۔ پودینہ ایک تولہ۔

ترکیب:۔ ان سب چیزوں کو لیکر صاف کر کے چٹنی بنا لینی چاہیئے لیکن ہینگ در کھٹائی کو بھگو کر پھر چھان کر ملا دو۔

مُوصلی کا ست

مُوصلی کو صاف کر کے کوٹ کر بہت سے پانی میں بھگو دو۔ ۲۴ گھنٹے بعد پانی کو اُتار لو۔ اُس کو پانی کو کڑھائی میں ڈال کر گرم کرو وہ پانی گاڑھا ہو جائیگا۔ جو جب گاڑھی ہو کر تیار ہو۔ وہ مُوصلی کا ست ہے۔

مربہ آم

ہرے آم ۵ سیر۔ کھانڈ ۲½ سیر۔

آم کو چھیلکر گٹھلی نکالو۔ بعد میں پانی میں جوش دو۔ پھر کھانڈ کی چاشنی ڈالدو۔ مربہ تیار ہے۔

نیبو کا میٹھا اچار

پانچ سیر نیبو کو ۲½ سیر چا بھری بھگو دو۔ چار پانچ روز بعد نکالو خشک کرو پھر تازے نیبو کے عرق میں ڈال کر یہ مصالحہ ڈال دو۔
دھنیا۔ کالی مرچ۔ زیرہ سفید۔ سیاہ لونگ۔ الائچی حسب ضرورت۔ نمک تین پاؤ۔ اب یہ سادہ اچار بن گیا۔ اس میں چوتھائی کھانڈ کی چاشنی ملانے میٹھا اچار بن جاویگا۔

اچار ادرک

ادرک کو چھیل کاٹ کر نیبو کے عرق تمام مصالحہ ڈال تیار کر لو۔ تھوڑی دیر دھوپ میں رکھو۔ یعنی ۴۰ منٹ۔

گاجر کا ست

گاجر لیکر پہلے خوب صاف کرو پھر کوٹ کر عرق نکالو۔ اس عرق کو کٹھائی میں ڈال کر گاڑھا کرو۔ یہ گاڑھی چیز ست ہے۔

گیہوں کا ست

گیہوں رات کو بھگو دو۔ صبح پہلے کپڑے سے چھان کر پانی کو کسی مٹی کی برتن میں چڑھا کر کے رکھدو۔ جس سے پانی نتر کر نکل آوے۔ بعد جو گاڑھا پانی بیٹھکر جم جاویگا وہی ست ہے۔

نیم کا ست

نیم کے پتے۔ نبولی۔ نمولی وغیرہ کو چھان کوٹ کر پانی میں رات دن جگو کر پانی نتھار کر ست اوپر کی طرح بنالو۔

بوتلوں کے منہ بند کرنیکا مصالحہ

رال ۲ چھٹانک۔ لاکھہ ۲ سیر۔ تارپین ۲ اونس۔ کاجل تھوڑا سا۔ پہلے لاکھہ کو گرم کرو پھر رال اس میں ڈال دو بعد میں تارپین اور کاجل ملاؤ۔

پتھر جوڑنیکا سمینٹ

ندی کی صاف بالو ۲۰ حصّہ - مُردار سنگھ ۲ حصّہ چونہ ایک حصّہ السی کے تیل میں ملاکر یہی سی بنالو۔

ہتھیاروں کے دستے جوڑنے کا مصالحہ

ایک حصّہ موم - سات حصّہ بیروزہ میں اینٹ کا بُرادہ یا سیل کھڑی ملا کر کام میں لاؤ۔

ربڑ کے جوڑنیکا مصالحہ

بھی ربڑ کو تیز چاقو سے پتلی پتلی چھیلو - پھر قینچی سے پتلے تار کاٹو - پھر ایک بوتل میں ایک حصّہ بنزین بھر دو - اور اس بوتل کے دسویں حصّے میں ربڑ کے تاروں کو ڈال دو - وہ پھول اُٹھے گا - اور کچھ روز میں شہید کے مطابق ہو جاویگا۔
اگر یہ پتلے رہیں تو کچھ ربڑ کے تار اور ڈال دو - اور جو گاڑھے ہوں تو بنزین ملادو۔

سونے چاندی کا ٹانکا

سونا ایک تولہ - تانبا ڈیڑھ ماشہ - ملاکر سونے کا ٹانکا بناؤ۔

چاندی کا ٹانکا

چاندی ایک تولہ - جست ڈیڑھ ماشہ - تانبہ ۴ رتی۔

پیتل کا ٹانکا

پیتل ایک تولہ۔ جست تین ماشہ۔ اس میں تھوڑا کوئی سا رنگ ملا لو

کانچ کی چینی جوڑنا

گیہوں کا چون ملکر اس کا نشاستہ پانی کے ساتھ نکالو۔ تھوڑی سی [illegible]
آٹے کی دیکر چینی ملاکر کام میں لاؤ۔ یہ مصالحہ کم خرچ بالا نشین ہے۔

پتھر جوڑنے کا دوسرا مصالحہ

پیرس پلاسٹر کو گھول کر جوڑلو۔ بڑا مضبوط ہوگا۔

شربت کا پاؤڈر

تین اونس ٹارٹارک السیڈ چار اونس۔ سوڈا بائی کارب ½ ڈرام سائٹرک
السیڈ اور گیارہ پونڈ کھانڈ ملاکر بنا دیں۔ اس میں سے جب تھوڑا سا پانی
میں ڈالو تو بہت نفیس اور خوشبودار شربت تیار ہوگا۔

جامن کا سرکا

جامن کو خوب مسل کر اس کا رس نکالو۔ ایک بوتل میں منہ بند کر

کے بھر دو۔ ایک مہینہ میں سرکہ تیار ہو گا پھر تھوڑا کالا نمک اور کالی مرچ بسیکر
نوٹ:- یہ سرکہ پیٹ کے درد کیواسطے بہت مفید ہے۔ خوراک چھہ ماشہ ایسی
انگور آنار کا سرکہ بنتا ہے۔

عرق کافور

ایک اونس کافور کو ۹ اونس ریکٹی فائیڈ اسپرٹ میں ملا کر کے رکھنے سے عرق
کافور بن جاتا ہے اگر اسے بنا کر پندرہ روز بعد کام میں لا دے تو بہت اچھا ہے
لیکن عام طور پر کوئی پندرہ دن انتظار نہیں کرتا۔ اسلئے تاثیر میں فرق رہ
جاتا ہے۔

کپڑے میں آگ باندھنا نہ جلنا

کپڑے کو گھی گوار کے عرق میں کئی مرتبہ تر کر کے خشک کرو پھر آگ
باندھو ہرگز نہ جلے گا۔

انڈے کا ناچ

انڈے میں سوراخ کر کے اوسمیں پارہ بھر دو پھر اوسکا منہ موم وغیرہ سے
بند کر کے جہاں رکھو گے ناچتا رہے گا۔

آلائش نکالنے کی ترکیب

اوس سوراخ میں یہ مصالحہ بھرنے سے تمام آلائش مثل پانی کے ہو جاویگی
مصالحہ یہ ہے۔ نوشادر۔ اور شورہ مثل میدہ کی بنا کر داخل کرو۔

شربت بادام

ایک چھٹانک گیری بادام ایکر آدھا پاؤ دودھ میں گھوٹ کر چھانیں۔ ایک قند سفید کے قوام میں ملاویں۔ خوراک صرف ۳ تولہ۔ دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔

شیشے میں سوراخ کرنا

شیشے میں کامیابی کے ساتھ چھید کرنے کیلئے مندرجہ ذیل طریق بہت کار آمد ہوگا۔

پہلے فولادی برمے کو جو تپا کر تیار کر لیا ہو بارہ میں آب دو جو اس کو بہت سخت کر دیتا ہے۔

پھر اس کو پتھری پر گھس کر تیز کر لو۔ سوراخ کرتے وقت برمے کو تارپین اور کافور کے تیل کے مرکب سے نمی پہنچاتے رہو۔ اور سوراخ کی جگہ بھی اسی مرکب کو ڈالو۔ سوراخ لکڑی کی طرح ہو جائیگا۔

کافوری صابن بنانا

چربی کا بنا صابن	۱۵۰	حصے
روزمری	۴ حصے	کافور کو اچھی طرح گھسکر
لیونڈر کا تیل	۱ رر	روزمری لیونڈر کے میں ملا
کافور	۶ رر	کر بعد ان اجزا کو صابن سے ملاؤ

طوطیا بنانا

گندہک تیزاب تانبہ کا براده دونوں کو کھرل کرکے دہیمی آنچ دین طوطیا بن جاویگا۔

مصنوعی سنگ مرمر

مرغ کے انڈے کی سفیدی اور آب نار میده چونہ دونوں کو حل کرنے سے مثل پتھر کے ہوجاویگا۔

دیگر

آلو کو چھیل کر پانی میں اسقدر پکاؤ کہ مثل میده کے ہوجاوے بس سوکھہ کر مثل پتھر کے ہوجاوے گی۔

ایک نل سے چار رنگ

ایک نل اس قسم کا بناؤ کہ اسمیں چار خانے ہوں ہر ایک کا نام علیحده علیحده ہونا چاہیے بس چار رنگ بہر کر رکہہ چھوڑو بر وقت تماشے کے حاضرین کہو کہ دیکھیے نل کہنا مانتا ہے بس جیسا رنگ کہا جاویگا ویسا رنگ برآمد ہوگا۔ مگر صفائی درکار ہے۔

کتابیں ملنے کا پتہ) گرگٹ اینڈ کو تھوک کتبخانہ بازار کھاری باؤلی دہلی

آنکھ کے پھولیکی دوا

لال چندن ایک تولہ۔ پھٹکڑی بھنی ہوئی ایک تولہ۔ ان سب کو پیسکر چہانو پھر گھی گوار کے پٹھے میں گولی بنالو۔ اور ایک گولی گھسکر کے آنکھ میں لگانے سے پھولا کٹ جاوے گا۔

ہاتھی دانت کے کہلو بنانے

میز نام کی ولایتی درخت کی لکڑی سرکہ میں بھگو دیں پھر ۲۔ ۳ گھنٹہ بعد اسی میں اوٹاویں جب کاڑہا تیار ہو جاوے۔ تب اس میں کچید نت چورن دو ایک دن رکھنے سے گل کر موم جیسا ہو جائیگا۔ پھر جو چاہو بنالو۔

کتابت کے کاغذ رنگنا

ارا روٹ اور پیلا رنگ ملا کر لیپی بنالو۔ جب ٹھنڈی ہو تو کاغذ کو ایک سیدھے صاف تختہ پر بچھا کر لیپی میں اسفنج ڈالکر اس سے رنگو لیکن مادا یکساں ہو سایہ میں سکھا کر دوبارہ رنگو بہت نفیس ہوگا

شہید کا صابن

سفید صابن ایک پونڈ۔ شہید ایک اونس۔ پوٹاس ایک اونس سب کو گھوٹ کر صابن بنالو۔

موم کا صابن

کھوپرے کے تیل کا صابن ۷۵ حصے۔ اسٹارچ ۸۰ حصہ۔ تیل چندن ایک حصہ۔ سب کو ملا کر صابن بنالو۔

گلیسرین صابن

نرم ٹوائیلٹ صابن ۸۰ حصہ۔ گلیسرین دو حصہ۔ جب صابن پتلا رہے اسی وقت گلیسرین ملاؤ۔ خوشبو کیلئے آئیل وارمٹ آئیل روز۔ اور جیرنیم آئیل کیشیا ملاؤ۔

لیونڈر سوپ

۱۰ پونڈ سادی امینڈ سپر صابن میں ۲۔ اونس آئیل آف لیونڈر ملانے سے یہ صابن بنتا ہے۔ اسمیں رنگ کرنے کیلئے ٹنچر آف لٹمس ملایا جاتا ہے۔

ہاتھی دانت صاف کرنا

جلے ہوئے پتھو ما اشٹون اور پانی سے ہاتھی دانت کی چیزیں صاف کرکے شیشہ کے ڈھکن سے ڈھکین دھوپ میں رکھ دو سنا اور ڈائی نیو

شیشہ الیسٹڈمیں بھی ہاتھی دانت صاف ہوتا ہے۔ پر نشو اس میں ہوشیاری اور عقلمندی کی ضرورت ہے۔ بیوہار شنگرن ایک قسم کا جھانوا پتھر خوب سخت اور ہلکا ہوتا ہے۔ اور جلدی ٹوٹ جاتا ہے۔

پلوٹین بنانا

سفیدہ۔ وینیشین ریڈ و زنک اور اسپی میں السی پانیاں ملاؤ۔ لیکن تیل اتنا نہ ہو کہ پوٹین پتلا ہو جاوے۔

پلوٹین نمبر ۲

السی کا تیل۔ ملتانی۔ کھریا۔ دونو مٹیوں کو پیسو۔ پھر چھان کر تیل کو جوش دیکر ملانا چاہیئے

پلوٹین نمبر ۳

ملتانی کو پیسا چھانو۔ اور گوند کے پانی میں پیسکر سریش کو گلا کر اس میں ملا دو۔ یہ گھٹیا پوٹین ہے۔

بہت بڑھیا پوٹین

کھریا۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشتکاری۔ سیندور دان سب کو یکجا پیسکر وارنش میں برابر ملا دو۔

تیل لونگ

آئیل-آئیل کلوو جبیس ملانے سے لونگ کی خوشبو آتی ہے۔

زیرہ تیل

آئیل آف کافی ملانے سے زیرہ کا خوشبو آتی ہے

تیل نارنگی

آئیل نیرولی ملانے سے نارنگی کی خوشبو آتی ہے۔

تیل دھنیا بڑھیا

آئیل آف کوری اینڈر ملانے سے دھنیے کی خوشبو آتی ہے۔

تیل سونف

آئیل آف اینی کائی ملانے سے سونف کی خوشبو آتی ہے۔

تیل دال چینی

دال چینی ملانے سے دال چینی کی خوشبو آتی ہے

کتاب ملنے کا پتہ، ہم گرگ اینڈ کو ٹھیک کتب خانہ بازار کھاری باولی دہلی

تیل گلاب

گلاب عطر ملانے سے گلاب کی خوشبو آتی ہے۔

تیل الائچی کا

آئیل آف کیوڑو ملانے سے الائچی کی خوشبو آتی ہے۔

سانچی پان تیل

آئیل آف ساس پھراس کو ملانے سے سانچی پان کی خوشبو آتی ہے۔

کاغذی نیبو کا تیل

آئیل لیمن ملانے سے کاغذی نیبو کی خوشبو آتی ہے۔

پارہ جمانیکی ترکیب

پارہ ۔ ۶ ۔ اونس رانگ کے ورق دو اونس لیکر پارہ میں ڈالدو ہاتھ سے ملو ایک منٹ کے عرصہ میں ڈلی بنجاوے گی۔

تیل موم قسم اوّل

آدھ سیر چھوٹی مکھی شہال کا موم - آدھ سیر نمک ملا کر ایک ہانڈی میں بھر دو پھر دوسری ہانڈی میں ایک سوراخ کر کے اس کا منہ دوسری ہانڈی سے ملا کر جوڑ دو - پھر اسکو کپڑ مٹی کر لو اور سکھاؤ - سکھنے کے بعد اس کو چولہے پر چڑھا دو - مگر شرط یہ ہے دوا والی ہانڈی نیچے اور سوراخ والی ہانڈی اوپر رہے تب اُس چولہے کے نیچے آگ لگاؤ - اور اوپر والی ہانڈی کے سوراخ میں کسی کپڑے کی گدی بنا کر لگا دو - اور اس کے نیچے ایک چینی کا صاف برتن رکھدو - چولہے میں آگ لگانے سے دوا میں گرمی پہنچکر تیل نکالنے کی خاصیت ہوگی -

یہ تیل اوپر والی ہانڈی میں ہوتا ہوا اس چینی کے برتن میں گرے گا - پس اُسے ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں بھر دو -

امرتی بنانا

سمندپھین - گندھک ہموزن پانی میں پیسو - اس میں روئی ملا کر بتی بنا کر سکھا لو -

یہ بتی کو تل کے تیل میں بھگو کر جلاؤ - ہرگز ہوا اثر نہ کریگی -

فروٹ سالٹ

سوڈا بائی کارب ۱۲ اونس - سوڈا چل سالٹ ۱۲ اونس - اور ٹارٹارک الیسڈ

۴ اونس سب کو ملا کر خوب پیسو اور اچھی طرح سے شیشی میں کارک لگا کر رکھو۔

کنٹھ مالا

ہر روز سیوڑے کی پتیاں کھوبل میں نیمگرم کرے۔ دس دن تک کنٹھ مالا میں باندھو۔

املتاس کی چٹنی

سینے کے بلغم کو کافور بناتا ہے۔ نہایت نسی کے لئے مفید ہے۔

املتاس پانی میں حل کر کے تین حصے شکر میں قوام کریں۔ خوراک دو تولہ عرق بادیان یا عرق بادیان کشیرہ سے لیں۔ فقط تمام شد

۱۹۲۶

تمت

مقبول عام کتابیں

جنگل کا جادوگر۔ جس میں ہر قسم کی شعبدے بازی کے طریقے بتلائے گئے ہیں ۱۲

چین بنگالہ کا جادو۔ جس میں ہر قسم کے جنتر و منتر و تعویذات وغیرہ درج ہیں ۱۲

گھر کا حکیم۔ روزمرہ کی بیماریوں کے نسخہ جات درج ہیں قیمت صرف مصور ۱۲

غریبوں کا علاج۔ سر سے لیکر پیر تک کے تقریباً دو ہزار نسخہ جات درج ہیں ۱۲

راز بیچی خانہ ۔ ۶۵ ۔ طرح کے مجرب کھانے پکانے کے آسان نسخے درج ہیں

گرگ اینڈ کو تاجران کتب ہاتھا بازار کھاری باؤلی دہلی